درخواست پر مذکورہ تحریک مؤخر کی گئی تھی۔ ۱۱ اکتوبر ۱۹۸۷ء کو معزز رکن نے قاضی عبداللطیف اور مولانا سمیع الحق کی طرف سے اٹھائے گئے نقطہ اعتراض پر ایوان سے واک آؤٹ کیا تھا۔ جب تحریک ہذا کی ایوان میں باری آئی اس وقت محرک ایوان سے غیر حاضر تھے اس لئے اس تحریک کو مسترد کر دیا گیا تھا۔ دستاویزات کے مطابق ایسا کوئی ثبوت نہیں ملتا جس کے تحت معزز رکن نے تحریک ہذا کو مؤخر کرنے کی درخواست کی ہو۔ لہٰذا قاعدہ ۷۲(۲) کے تحت ایوان سے تحریک پیش کرنے کی اجازت صرف وہی رکن لے سکتا ہے جس نے تحریک کا نوٹس دیا ہو۔ کیونکہ محرک ایوان میں موجود نہ تھے اس لئے تحریک ہذا کو مسترد کر دیا گیا تھا۔ تحریک التوا پر غور اس وقت ملتوی ہوتا ہے جب اس کے لئے معقول جواز موجود ہو جیسا کہ یہ پہلے کہا گیا ہے کہ ریکارڈ پر زیر بحث تحریک التوا کو ملتوی کرنے کے لئے محرک نے درخواست نہیں کی تھی۔ اس لئے کسی قسم کا پارلیمانی استحقاق مجروح نہیں ہوا لہٰذا تحریک استحقاق ہذا زیر قاعدہ ۹۹(۲) خلاف ضابطہ قرار دی جاتی ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پوائنٹ آف آرڈر۔ یہ وزیر قانون اللہ رب العزت کو گواہ کر کے یہ اقرار کرے کہ اس وقت انہوں نے نہیں کہا تھا کہ چونکہ یہ ماہی گیروں کا مسئلہ ہے اور یہ بھارت سے متعلق ہے نہ وزیر خارجہ ہے اور نہ زین نورانی صاحب لہٰذا میں اس کا جواب نہیں دے سکتا جب تک کہ وہ نہ آئیں۔ لہٰذا اس کو مؤخر کیا جائے۔ تو کیا پھر وزیر خارجہ صاحب آ گئے ہیں، تشریف لے آتے ہیں؟ اس دن وہ آئے تھے یا گیارہ تاریخ کو وہ آئے تھے کہ انہوں نے جواب دینا تھا بہر حال میں آپ کی بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ آپ نے مسترد کر دیا ہے۔ لیکن ذاتی نقطہ نگاہ سے یہ ذرا کہہ دیں اور اس کی وضاحت کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ آپ بھی تشریف رکھیں۔

جناب وسیم سجاد: میں صرف یہ کہوں گا کہ میں نے یہ ضرور کہا ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ ان کا کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہ تھا۔ آپ ذرا تشریف رکھیئے۔

جناب وسیم سجاد: میں نے یہ ضرور کہا ہوگا لیکن تحریک استحقاق نہیں بنتی دوبارہ موشن دے دیں یہ تو کوئی ایسی بات نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جی - قاضی عبداللطیف صاحب، آپ کی تحریک استحقاق تھی اور مولانا سمیع الحق صاحب کی - آپ تشریف لے آئے ہیں - ٹیلی فون پر آپ کا حکم ملا تھا تو اس کو مؤخر کر دیا گیا تھا - تو مولانا سمیع الحق صاحب بھی تشریف لے آئے ہیں - ابھی تک تحریک استحقاق کا ایک گھنٹہ چل رہا ہے -

جی جناب مولانا -

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! پہلے آپ نے اس کو مؤخر کر دیا - اگر کل کے لئے آپ اجازت دیں تو ٹھیک ورنہ اس وقت ہم پیش کر دیتے ہیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : چونکہ ٹیلی فون پر آپ کا حکم مل گیا تھا تو میں نے کہا کہ شاید آپ نہ آسکیں - آپ آ گئے ہیں تو بسم اللہ اس پر بحث کر لیں -

## (II) *RE:* REFERRING SHARIAT BILL TO SPECIAL COMMITTEES

جناب قاضی عبداللطیف : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - جناب والا ! سینیٹ میں قانون سازی کی قواعد کے مطابق سٹینڈنگ کمیٹی سے بل کی واپسی کے بعد اگر اس کو کسی منتخبہ کمیٹی یا کسی خصوصی کمیٹی کے سپرد کرنے کی ضرورت محسوس ہو تو اس کمیٹی کی تحریک بل کے محرک پیش کریں گے - پرائیویٹ شریعت بل کو خصوصی کمیٹی کے سپرد کرتے وقت بل کے محرکین کی حیثیت سے یہاں ہمارے استحقاق کی خلاف ورزی ہوئی ہے - لہٰذا سینیٹ میں اس پر غور کیا جائے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : مولانا سمیع الحق صاحب آپ بھی جو فرمانا چاہیں -

مولانا سمیع الحق : میں اس کی تائید کرتا ہوں میں اس پر بعد میں کچھ عرض کروں گا -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ وزیر صاحب کی سٹیٹمنٹ کے بعد کچھ کہیں گے یا ابھی کہنا چاہتے ہیں -

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, the honourable Movers have moved this privilege motion questioning in fact the decision given by the......

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی قاضی عبداللطیف صاحب -

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر - میری گزارش ہوگی کہ اگر وہ مہربانی کر کے اردو میں پڑھیں تو ہم زیادہ استفادہ کر سکیں گے -

جناب وسیم سجاد : جناب والا! میں عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے جو تحریک استحقاق پیش کی ہے۔ دراصل اس کا مقصد یہ ہے کہ جناب نے ایک رولنگ ہماری تحریک پہ دی تھی۔ اس پہ عدم اطمینان کا اظہار کیا گیا ہے اور یہ ایک مصدقہ پارلیمانی روایت ہے کہ چیئرمین یا سپیکر کی جانب سے ایک دفعہ رولنگ دے دی جائے تو اس پہ کسی طریقے سے کوئسچننگ نہیں کی جا سکتی۔ دوسرے یہ کہ ان کا یہ کہنا غلط ہے کہ قواعد کے مطابق صرف محرکین ہی کی کمیٹی بن سکتی ہے۔ آپ نے جو فیصلہ صادر کیا تھا۔ وہ رول ۱۷۳ اور ۱۷۴ کے تحت کیا تھا۔ رول ۱۷۳ میں واضح طور پہ لکھا ہے

The Senate may by motion appoint a special committee

یعنی سینیٹ ایک تحریک کے ذریعے ایک سپیشل کمیٹی قائم کر سکتی ہے۔

which shall have such composition

جس میں وہ اشخاص شامل ہوں گے اور اس کے وہ فنکشنز ہوں گے یعنی وہ کام ہوگا جو اس تحریک میں لکھا گیا ہو یا دیا گیا ہو۔ یعنی یہ ہے قاعدہ ۱۷۳ اس میں کہیں اس چیز کا ذکر نہیں ہے کہ وہ لوگ جو سٹینڈنگ کمیٹی میں شامل تھے یا وہ لوگ جو سلیکٹ کمیٹی میں شامل تھے ان پہ مشتمل ہوگی ۱۷۳ اور رول واضح طور پہ کہتا ہے کہ یہ جو کمیٹی آپ بنائیں گے ان ممبران پر مشتمل ہو گی جن کا نام اس تحریک میں دے دیا گیا ہو۔ جناب والا! دونوں وجوہات سے یعنی ایک تو یہ کہ جناب کی رولنگ کسی صورت میں بھی چیلنج نہیں ہو سکتی دوسرے یہ کہ آپ کی رولنگ رول ۱۷۳ اور ۱۷۴ کے بالکل مطابق ہے۔ لہذا ان کا استحقاق کسی صورت بھی مجروح نہیں ہوا اور اس تحریک کو رول آؤٹ کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی جناب قاضی عبداللطیف صاحب جی۔

قاضی عبداللطیف : میں بڑے احترام سے عرض کروں گا کہ ہم نے آپ کی رولنگ کو چیلنج نہیں کیا۔ اس دن جو بحث ہوئی اور آج بھی ہمارے محترم وزیر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا اس کا حاصل ہے۔ اور بالکل کھلی عبارت ہے کہ سینیٹ کمیٹی بنا سکتی ہے اس دن اٹارنی جنرل صاحب کا ارشاد بھی یہی

تھا کہ سینیٹ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کمیٹی بنا سکتی ہے۔ ان کے دلائل کا سارا انحصار بھی اسی پر تھا کہ سینیٹ کو اختیار ہے کہ وہ کمیٹی بنا سکتی ہے لیکن اس میں یہ کہیں نہیں ہے کہ یہ کمیٹی بنانے والا کون ہوگا اور جہاں پر کوئی تصریح نہ کی گئی ہو تو اس پر انہی قواعد کا اطلاق ہوگا جو سابقہ کے لئے ہیں اور دفعہ ۸۷ کے اندر جہاں یہ کھلم کھلا کہہ دیا گیا ہے کہ جس قسم کی کمیٹی کی تشکیل کرنی ہو تو وہ متعلقہ افراد کہ جو اس مسودہ کے پیش کرنے والے ہیں اُنہی کا استحقاق ہوگا وہی پیش کریں گے۔ وہاں پر وہ تصریح ہے۔ یہاں ایسی تصریح نہیں آئی اس کو اپنے اطلاق پر رکھا جائے۔ جب اس کو اپنے اطلاق پر رکھا جائے گا تو اس میں کوئی قید نہیں ہے یہ بھی تصریح نہیں ہے کہ وہ کون پیش کر سکتا ہے، صرف اتنا بتلایا گیا ہے کہ سینیٹ کمیٹی بنا سکتی ہے، میں بھی یہ گزارش کر رہا ہوں کہ سینیٹ کمیٹی بنا سکتی ہے لیکن یہ حق کس کو پہنچتا ہے کہ اس کمیٹی کی تحریک کون کرے گا تو وہ قاعدہ جو ۸۷ کے اندر تصریح کی گئی ہے یقیناً وہ یہاں بھی لاگو ہوگا اور یہ استحقاق ہمارا تھا، آپ نے صرف یہی فرمایا تھا رولنگ کے اندر کہ کمیٹی بنائی جا سکتی ہے نہ کہ آپ نے ان کو یہ کہا تھا کہ تم کمیٹی بناؤ، کمیٹی بنانے والے یہ نہیں ہو سکتے تھے، کمیٹی بنانے والے ہم ہیں لہذا اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ مولانا سمیع الحق۔

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین صاحب! اس دن بھی ہم نے اپنی گزارشات آپ کی خدمت میں پیش کی تھیں کہ کمیٹی کو بھیجنے کا مرحلہ گزر چکا ہے اور تمام تقاضے اس بل کے بارے میں جو قواعد و ضوابط سے ہمیں مل سکتے تھے وہ پورے ہو چکے ہیں اب اس مرحلے پر ایک تو کمیٹی کو سپرد کرنا نیک نیتی کی علامت نہیں ہے کیونکہ بل کا پورا تجزیہ و تحلیل سارے ارکان کر چکے ہیں، سوائے اس کے کہ اس کو سرد خانے میں ڈالنے کی ایک کوشش ہے اور جس سے صرف ہمارا ہی نہیں بلکہ پوری پارلیمنٹ کا استحقاق مجروح ہوتا ہے اور مسئلہ بھی ایسا اہم ہے کہ پورے نو کروڑ مسلمانوں کا اس سے تعلق ہے، پوری قوم کا استحقاق اس سے مجروح ہو رہا ہے جیسا کہ قاضی صاحب نے فرمایا اس وقت قواعد کی کتاب تو میرے سامنے نہیں ہے، لیکن ۱۷۴ دفعہ میں اس کی تصریح ہے، ۱۷۳ میں تو مجمل چھوڑا گیا ہے کہ وہ کمیٹی کے سپرد کر سکتی ہے لیکن ۱۷۴ میں کہا گیا ہے کہ اس پر وہی قواعد اور قوانین لاگو ہوں گے جو قائمہ کمیٹی اور منتخبہ کمیٹی کے

[Maulana Sami-ul-Haq]

لئے رکھے گئے ہیں تو منتخبہ کمیٹی میں صاف تصریح ہے کہ وہ رکن انچارج ہی ایسی کوئی تجویز پیش کر سکتا ہے، ہم نے اس دن بھی آپ سے بڑے ادب سے گزارش کی تھی کہ آپ اس نکتے کی وضاحت بھی اپنی رولنگ میں فرمائیں لیکن آپ نے اس کی طرف تعرض نہیں کیا تو بظاہر یہی ہے کہ ہماری ایک بڑی حق تلفی ہوئی ہے جو قواعد و ضوابط سے ہمیں ایک حق مل رہا تھا اس کی خلاف ورزی کی گئی ہے قاعدہ ۱۷۴ میں اگر آپ دیکھیں تو انہی قواعد کی طرف نشاندھی کی گئی ہے جس کے ماتحت رکن انچارج ہی یہ تجویز پیش کر سکتا ہے۔

جناب وسیم سجاد: جناب میں نے وضاحت کر دی ہے کہ یہ تو بڑا واضح ہے اور ایک آپ کی رولنگ آچکی ہے، چیز بڑی واضح ہے کہ ایوان کو یہ حق بھی حاصل ہوتا ہے کہ کسی رول کو وہ معطل کر دے یعنی ایوان کو مکمل حق ہے، پورا عبور ہے ان رولز میں.....

قاضی عبداللطیف: انہوں نے کسی رول کو معطل کرنے کی کوئی تحریک نہیں دی تھی، یہ تو قواعد کے مطابق فرما رہے تھے کہ ہم ان قواعد کے مطابق ہی لے رہے ہیں، اگر رول کو معطل کرانا تھا اور آپ نے سن ہی لیا تھا ہم نے اس وقت احتجاج تو نہیں کیا تھا کہ اس کمیٹی کی اجازت دینے والے کون ہیں؟ اس منظوری کی آواز جو آئی تھی وہ صرف وزارتی بنچوں سے آئی تھی، باقی سارا ایوان خاموش تھا لیکن بہرحال میں اس پر اعتراض نہیں کرتا، ہو گیا ہے، آپ نے رولنگ دے دی ہے۔

جناب وسیم سجاد: جناب! میں صرف یہ عرض کر رہا تھا کہ ایوان کے اختیارات کیا ہوتے ہیں اس ضمن میں میں نے بات کی تھی کہ یہ جو رولز ہوتے ہیں ان کو ایوان معطل بھی کر سکتا ہے اور یہاں پر رول ۱۷۳ جو ہے، بڑا واضح ہے کہ ایوان، تحریک پر ایک سپیشل کمیٹی بنا سکتا ہے اور وہ کن لوگوں پر مشتمل ہو گی کون ممبران ہوں گے؟ اس کے فرائض کیا ہوں گے وہ موشن کے ذریعے ہو گا اور جہاں تک موشن کا تعلق ہے آپ جانتے ہیں کہ کوئی ممبر موشن دے سکتا ہے لہذا جناب نے رولنگ بھی دے دی ہے ۱۷۳ کے مطابق دی ہے لہذا اسی کا اطلاق ہو گا۔

مولانا سمیع الحق: میں جناب وسیم سجاد صاحب سے گزارش کروں گا کہ قاعدہ ۱۷۴ جو ہے وہ اردو میں ایوان کو سنا دیں، ۱۷۴ کی پوری عبارت اردو میں سنا دیں پھر فیصلہ ایوان پر چھوڑتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد: جناب! میں نے اپنا نقطہ نظر بیان کر دیا ہے، یہ اگر انگریزی میں سنا دیں تو میں اردو میں سنا دوں گا۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا ! قاعدہ ۱۷۴ بھی بالکل واضح ہے اور وہ صرف اور صرف اس مقصد کے لئے ہے کہ سپیشل کمیٹی کو چلانے کا طریقہ کار کیا ہوگا ۔ کیونکہ ہر کمیٹی کسی قواعد و انضباط کار کے تحت کام کرتی ہے ، قواعد میں قائمہ کمیٹیوں کا طریق کار متعین ہے کہ ان کی کارروائی کس طرح چلائی جائے گی اس کی تمام رپورٹیں خفیہ ہوں گی کوئی شائع نہیں کر سکتا ۔ کمیٹی کو اختیار ہے کہ شہادتیں طلب کر سکتی ہے ، کمیٹی کو اختیار ہے کہ ماہرین کی رائے لے سکتی ہے ، کمیٹی کو اختیار ہے کہ ڈاکومنٹس کا ملاحظہ کر سکتی ہے ، کمیٹی کو اختیار ہے کہ وہ جس قسم کی مدد چاہے حاصل کر سکتی ہے ، تو یہ ساری چیزیں قائمہ کمیٹی کے سلسلے میں ان قوانین اور قواعد میں دی گئی ہیں ، تو یہ ۱۷۴ کا اطلاق ۱۷۴ اس لئے ہوتا ہے کہ سپیشل کمیٹی کے لئے کہ قواعد میں سپیشل کمیٹی کے انضباط کار کی کوئی پروویژن نہیں دی کہ سپیشل کمیٹی کس طرح چلائی جائے گی ، کیا وہ سینیٹ کی کارروائی تصور ہوگی ، کیا اس کی کارروائی خفیہ ہوگی یا مجمع عام میں کی جا سکتی ہے یہ جتنی صراحتیں میں نے کی ہیں چونکہ سپیشل کمیٹی کے بارے میں اس سلسلے میں قواعد نہیں تھے یا خاص قواعد نہیں تھے کہ اس کا طریقہ کار کیا ہوگا تو اس کے لئے قاعدہ ۱۷۴ کا اطلاق کیا گیا ہے کہ جو چیزیں قائمہ کمیٹی کے لئے حاوی ہیں وہی چیزیں سپیشل کمیٹی کے طریق کار پر بھی حاوی ہوں گی اور میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اس میں یہ صراحت بھی نہیں ہے کہ سپیشل کمیٹی صرف بل کے سلسلے میں بن سکتی ہے سپیشل کمیٹی کسی قرارداد کے سلسلے میں بن سکتی ہے سپیشل کمیٹی کسی خاص مقصد کے لئے بن سکتی ہے ، قطعاً نہیں ، بلکہ جہاں تک قائمہ کمیٹیوں کا تعلق ہے ، سٹینڈنگ کمیٹی کسی خاص معینہ مقصد کے لئے تشکیل دی جا سکتی ہے ، سیلیکٹ کمیٹی ایک خاص معینہ مقصد کے لئے تشکیل دی جا سکتی ہے ۔ جبکہ سپیشل کمیٹی جس مقصد کے لئے ہاؤس چاہے ، کوئی اس کے لئے خاص مقصد متعین نہیں ہے ، بل کے لئے چاہے ریزولیوشن کے لئے چاہے ، آئین کی ترمیم کے لئے چاہے ، کسی مقصد کے لئے بھی ، چاہے دنیا جہاں کا مقصد بھی اس سینیٹ کے لئے دائرہ کار میں آتا اس کے سلسلے میں جس وقت چاہے جو مقاصد اس کے سپرد کرے ، جو مسئلہ اس کے سپرد کر دے وہ اس کے لئے ہے جبکہ قائمہ کمیٹیاں صرف اور صرف بلوں کے سلسلے میں ہوتی ہیں اور ان کے مقاصد ان کی ترتیب متعین ہوتی ہے تو یہ جو قاعدہ ۱۷۴ کو لاگو کیا گیا ہے قاعدہ ۱۷۴ یہ صرف اس کے انضباط کار کے لئے ، یہ تو بالکل ایک واضح چیز ہے ۔

اب میں دوسری طرف آتا ہوں کہ اگر ایسی صورت نہ بھی ہوتی لیکن بفرض محال ایک غلطی کر لی سینیٹ نے ،

[Haji Muhammad Safullah Khan]

فیصلہ کرایا سینیٹ نے " ہاؤس کا فیصلہ ہو گیا ہے جس طرح اس طرف ہے جس میں کوئی غلطی نہیں ہوئی کوئی ابہام نہیں ہے کسی قسم کا شک و شبہ نہیں ہے، میں کہتا ہوں کہ خالصتاً اگر سینیٹ نے کوئی کارروائی ایسی کر لی ہے۔ جو قواعد انضباط کار کے خلاف ہو تو آئین میں اس کی صراحت بالکل واضح طور پر موجود ہے کہ اگر پارلیمنٹ کا کوئی ہاؤس قومی اسمبلی یا پارلیمنٹ دونوں ہاؤسز پر مشتمل کسی قسم کی طریق کار کی خامی آجائے تو وہ کارروائی اس بنا پر ناقص نہیں ہو گی کہ اس میں طریق کار کا مکمل اطلاق نہیں کیا گیا اور وہ فیصلہ اس بنا پر باطل نہیں ہو گا اس کی آئین میں صراحت ہے، قواعد میں نہیں " آئین کلیئر کٹ کہتا ہے یہاں تو کسی قسم کا ابہام ہی نہیں کسی قسم کا شک ہی نہیں ہے کسی قسم کی دو رائے ہی نہیں ہیں اور کوئی ایسی چیز نہیں دکھائی گئی کہ صرف اور صرف محرک ہی دے سکتا ہے اور کوئی نہیں دے سکتا کیونکہ اس کو تو بلوں سے کوئی خاص تعلق ہی نہیں ہے، صرف یہ نہیں کہ بل کے لئے کمیٹی بنائی جا سکتی ہے، یہ ہر مقصد کے لئے ہے اور اس میں دونوں صورتوں واضح ہیں پہلی بات کہ کسی قسم کی قواعد کی خلاف ورزی ہی نہیں ہوئی اور بالکل عین قانون و قاعدے کے مطابق یہ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے اس کے مقاصد بھی اس میں بیان کر دیئے گئے ہیں اور اس کا طریق کار بھی بالکل واضح ہے قاعدہ ۱۷۴ کی رو سے اور یہاں تک کہ اگر کوئی نقص ہوتا بھی تو تب بھی قطعی طور پر اس فیصلے کو باطل قرار نہیں دیا جا سکتا، اگر آپ فرمائیں تو میں آئین کی وہ پروویژن بھی پڑھ کر سنا دوں جس پہ واضح طور پر ہے کہ سینیٹ کا کوئی فیصلہ اس بنا پہ باطل نہیں ہو گا کہ اس میں کسی قسم کے طریق کار میں نقص واقع ہو گیا ہے وہ فرمائیں تو آئین اقبال صاحب کے پاس ہے میں پڑھ کر بھی سنا دوں تاکہ ریکارڈ پہ آ جائے۔

مولانا سمیع الحق: قاعدہ ۱۷۴ پڑھ کر سنائیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: وہ بھی پڑھ کر سنا دیا ہے میں نے تو اس کا مکمل مطلب سمجھا دیا ہے۔۔۔

مولانا سمیع الحق: مطلب سمجھایا نہیں وہ پڑھ کر سنایا ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: وہ بھی سمجھا دیتا ہوں جناب۔

مولانا سمیع الحق: مطلب کی جگہ پہ ہاتھ رکھ لیے ہیں۔ وہ سٹینڈنگ کمیٹی کی طرف جا رہے ہیں۔ بات سلیکٹ کمیٹی کی ہے۔ یہ کمیٹی جو بنی ہے یہ سٹینڈنگ کمیٹی نہیں ہے سلیکٹ کمیٹی ہے اور ۱۷۴ میں کہا گیا ہے اس پر وہی قواعد ہوں گے جو سلیکٹ کمیٹی کے ہیں۔ مختصر بات کا جواب دے دیں تقریر نہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قاضی عبداللطیف صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر میں اتنی گزارش کروں گا کہ آپ اگر مہربانی فرما کر سیکرٹری صاحب سے کہہ دیں وہ اڑدو والا مسودہ منگوالیں۔

مولانا سمیع الحق : وہ پڑھ کر سنا دیں اور پھر ایوان پر چھوڑ دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : وہ سیکرٹری کے پاس ہے۔

مولانا سمیع الحق : وہ سنا دیں۔

قاضی عبداللطیف : وہ میرے پاس بھجوا دیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا یہ آرٹیکل ۶۹ ہے۔

"69 (1) The validity of any proceedings in Majlis-e-shoora (Parliament) Shall not be called in question on the ground of any irregularity of procedure."

یہ آرٹیکل ۶۹ (۱) میں واضح ہے اگر کوئی ایسی صورت ہوتی بھی تو اس کارروائی میں کسی قسم کا ابہام ہو سکتا ہے اور نہ وہ اس بنا پر باطل تصور ہو سکتی ہے کہ بہر و سبجکٹ کی کوئی irregularity اس میں ہو گئی ہے اور یہاں تو کوئی irregularity کا سوال ہی نہیں ہے کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے اور میں ان کی تسلی کے لئے تاکہ ان کو یہ حسرت نہ رہے کہ قاعدہ ۲۰۱ اپنایا ہی نہیں گیا۔ کسی منتخبہ کمیٹی یا کسی خصوصی کمیٹی کے بارے میں خصوصی تصریحات کی عدم موجودگی میں (یہ سپیشل کمیٹی کا مسئلہ ہے) قائمہ کمیٹی کے بارے میں خصوصی تصریحات ضروری ردوبدل کے ساتھ۔ یعنی جس حد تک اس کا اطلاق اس پر ممکن ہو۔ جس چیز کے لئے ہو۔ ردوبدل کے ساتھ یہ نہیں ہے کہ اگر سٹینڈنگ کمیٹی میں صرف بل بھیجا جا سکتا ہے یہ نہیں ہے کہ بل والا ہی اس پر اطلاق ہوگا اگر ہم ریزولیوشن کو ڈسکس کرنا چاہتے ہیں یا ریزولیوشن کو سپیشل کمیٹی میں بھیجنا چاہتے ہیں تو پھر سٹینڈنگ کمیٹی والے بل والی پروویژن اس میں آئے گی نہیں۔ ردوبدل کے ساتھ کسی منتخبہ کمیٹی اور اس کسی خصوصی کمیٹی پر بھی اطلاق پذیر ہوں گی اس کا یہ مطلب نہیں ہے چونکہ سٹینڈنگ کمیٹی سے آیا ہوا بل یا سٹینڈنگ کمیٹی میں جو بل بھیجا جاتا ہے اس کا مودور بل کا مورور ہی ہوتا ہے اس لئے سپیشل کمیٹی کا مودور بھی بل کا مودور ہوگا اس میں لفظ بھی یہی ہیں کہ on a motion by the Senate

[Haji Muhammad Sifullah Khan]

یہ نہیں ہے بائی وہی ممبر انچارج by the member incharge of a matter which is being discussed یہ ہوتا اگر قاعدہ ۱۷۳ میں تو تب بات بنتی تھی یہ تو بالکل واضح ہے اور اس میں کسی قسم کا شک وشبہ و ابہام نہیں ہے اور سینیٹ کا فیصلہ عین قانون، قاعدہ اور آئین کے مطابق ہے - بہت بہت شکریہ -

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی، میں ......

قاضی عبداللطیف: میں کچھ عرض کر سکتا ہوں -

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی کیوں نہیں، جی فرمایئے -

قاضی عبداللطیف: میرے خیال میں میں آپ کی توجہ خصوصیت سے اس طرف دلاؤں گا کہ حاجی صاحب نے جو کچھ فرمایا تو صرف وہی بات تھی -

ملے جو حشر میں لے لوں زبان ناصح کی

عجیب چیز ہے یہ طول مدعا کے لیے

حاجی صاحب نے بار بار اسی چیز کو دہرایا جو نکتہ ہم پیش کر رہے ہیں اس پہ وہ نہیں آئے - آخر تک نہیں آئے یہی فرمایا گیا ہے کہ اس کے اندر یہ ہے کہ کمیٹی کا طریقہ کار کیا ہوگا کمیٹی کیسے چلائی جائے گی اور کمیٹی کے فرائض کیا ہوں گے اور جو ممبر اس کے لئے متعین کیے جائیں گے وہ اس میں کام کریں گے جس غرض کے لئے کمیٹی بنائی جائے گی وہ اس غرض کے لئے ہوگی تو سوال یہ ہے کہ میرا اعتراض یہ تو نہیں ہے اور میں اس کو بھی چیلنج نہیں کر رہا کہ اس ایوان نے غلطی کی ہے - ایوان نے صرف اتنا کہا ہے کہ کمیٹی بنائی جائے ایوان نے اس کی منظوری دی تھی ایوان نے اس کی منظوری نہیں دی تھی کہ میرے استحقاق کو مجروح کر کے وہ حاجی صاحب کو دے دیا جائے - ایوان نے یہ کب کہا تھا نہ آپ نے یہ کہا ہے اس کو اندر تشریح نہیں ہے اس کے اندر صاف لکھا ہوا ہے کہ قاعدہ ۷۴ کا مقصد یہ ہے جو تصریحات اس میں نہیں ہیں وہاں اطلاق قائمہ کمیٹی والا اس پہ ہوگا جب قائمہ کمیٹی کا اطلاق ان پہ ہوگا تو وہاں پہ قاعدہ ۸۷ کو دیکھیئے وہاں تحریک کا استحقاق کسے پہنچتا ہے یہ اتنی لمبی بات کر دینا کہ ایوان ہر چیز پہ کمیٹی بنا سکتا ہے میں کہتا ہوں ہر چیز پر وہ بنا سکتے ہیں آپ رولز کے اندر رد و بدل بھی کر سکتے ہیں اس کو معطل بھی کر سکتے ہیں لیکن آپ یہ کہہ دیں کہ ہم اسے معطل کر رہے ہیں آپ یہ کہہ دیں کہ ہم اس کے اندر رد و بدل کر رہے ہیں پھر تو آپ کریں لیکن اگر آپ نے یہ نہیں کہا کہ میں اس کے اندر رد و بدل کر رہا

ہموں آپ نے یہ نہیں کہا کہ میں اس کو معطل کر رہا ہوں تو آپ بلاوجہ ابہام سے کیوں فائدہ اُٹھا رہے ہیں آپ نے اس وقت جو رولنگ دی وہ کس چیز کی دی کہ واقعی کمیٹی بنائی جا سکتی ہے نہ یہ مانا کہ میرے استحقاق کو مجروح کیا جائے اور جو میرا حق ہے اس کو ختم کیا جائے جبکہ اس کے اندر تصریح نہیں ہے کہ جب بھی کوئی کمیٹی بنے گی تو وہ محرک اگر مسودہ نجی ہے تو نجی تحریک کرنے والے وہ پیش کریں گے اگر سرکاری ہے تو سرکاری بل والے پیش کریں گے اگر ہم ان کے حقوق کے اندر مداخلت نہیں کر سکتے تو وہ ہمارے حقوق پر چھاپہ کیوں مارتے ہیں نہ آخر تک انہوں نے اس کا جواب دیا ہے۔ ساری کی ساری ادھر اُدھر کی باتیں کی ہیں لیکن اس کا جواب نہیں دیا گیا تو میری گزارش یہ ہے کہ آپ ذرا خدا کے لئے اس ریکارڈ کو صحیح کریں۔ سینیٹ کے اندر اتنی دھاندلی تو نہیں ہونی چاہیئے۔

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u>: شکریہ!

<u>جناب عبدالرحیم میرداد خیل</u>: جناب چیئرمین! جو تحریک استحقاق پیش کی ہے۔ اس کو منظور کرنے کی عنایت ہی فرما دیں تو بہت ہی اچھا ہوگا۔

<u>انجنیئر سیّد محمد فضل آغا</u>: پوائنٹ آف آرڈر گزارش ہے کہ کس رول کے تحت یہ کھڑے ہو کر فرما رہے ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u>: میں نے اس دن بھی عرض کیا تھا......

<u>قاضی عبداللطیف</u>: کتاب میں نے مانگی تھی اور پہنچ گئی ہے وزیر انصاف صاحب کے پاس۔ یہ آپ کے ہاں انصاف ہے۔ درخواست میں نے کی تھی اور ان کے پاس بھیج دی گئی ہے۔ آخر یہ کیا ہے۔

<u>جناب عبدالرحیم میرداد خیل</u>: جناب والا! مولانا سمیع الحق صاحب نے جو تحریک استحقاق پیش کی ہے......

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u>: میرداد خیل صاحب آپ اس کے موور تو ہیں نہیں۔ اس کی ایڈمسبلٹی پر ذرا توجہ فرمائیں۔

<u>جناب عبدالرحیم میرداد خیل</u>: میں یہی کہہ رہا ہوں کہ اس کو ذرا منظور فرمائیں اور اس بات پر جو تحریک پیش کی ہے کہ شریعت بل کے محرک یہی دو افراد تھے اس سلسلے میں واقعی ان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے،

[Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel]

ایک بات اس کے اوپر بحث کی جائے اور انصاف کا تقاضا یہ نہیں ہے ہمیشہ ہم نے اس ایوان سے تعاون کیا ہے اور یہ گریز جو ہے یہ اچھا نہیں ہے۔

مانا کہ فلک بوس ہیں سرکار کے ایوان
لیکن یہ زمینوں سے گریز اچھا نہیں ہے
ہم نے ہی سجائے ہیں در و بام تمہارے
ہم خاک نشینوں سے گریز اچھا نہیں ہے

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا سمیع الحق صاحب نے ...... جی حاجی صاحب۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: سر! ایک چیز کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں جہاں تک فیکٹ کا معاملہ ہے وہ تو بالکل واضح ہو چکا ہے اور واضح طور پر آپ کے گوش گزار کیا جا چکا ہے اب تھوڑا سا قواعد کے بارے میں بھی عرض کرتا جاؤں تاکہ یہ ابہام بھی نہ رہے کہ یہ مسئلہ صرف facts کا تھا اور قانون کا بھی اس میں عمل دخل تھا یا نہیں تھا۔ ریکارڈ شاہد ہے کہ یہ کمیٹی ۳ اکتوبر کو بنی اور دونوں ممبران کی موجودگی میں بنی اور یہ تحریک استحقاق ۱۱ اکتوبر کو دی گئی جبکہ قواعد کہتے ہیں کہ یہ قاعدہ (۵۹) کا (۲) ہے۔

"The question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity".

اس کا بھی آپ نے فیصلہ کرنا ہے کہ جس موشن کا فیصلہ ۳ اکتوبر کو ہوا ہے کہ اس کی earliest opportunity ۱۱ اکتوبر ہے۔ اس کا بھی فیصلہ آپ نے کرنا ہے۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اقبال احمد صاحب بھی پر تول رہے ہیں مولانا سمیع الحق صاحب کے بعد یہ بھی کچھ نہ کچھ فرمانا چاہیں گے۔

قاضی عبداللطیف: حضرت میں گزارش کروں گا اگر کوئی اور وکیل صاحب ہیں ان کو بھی بلائیں۔ گزارش یہ ہے کہ

مشتے کہ بعد از جنگ یاد می آید
باید کہ بر کلۂ خود سے زد

حاجی صاحب کو اتنے بحث و مباحثے کے بعد یہ یاد آیا کہ یہ خلاف قاعدہ ہے۔ آج تک تو اس نے اس پہ اعتراض نہیں کیا کہ یہ خلاف قاعدہ ہے۔

قاضی عبداللطیف: آج وہ اتنے بحث مباحثے کے بعد کہہ رہے ہیں کہ خلاف قاعدہ ہے۔ ہم تو یہ کہہ رہے ہیں کہ "نہیں"، اس کا پیش کرنا ہی خلاف قاعدہ ہے۔ اب آپ خود ہی فرمائیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق: اس ایوان میں وہ تمام حقائق کو مسخ کر کے یہ کہہ رہے ہیں کہ آٹھ دن بعد ہمیں یاد آیا۔ آپ کو پتہ ہے کہ یہ تجویز سامنے آتے ہی ہم چیخ اٹھے ہم نے دلائل پیش کئے، ہم نے احتجاج کیا، ہم نے واک آؤٹ کیا، ہم نے یہاں کمیٹی سے استعفیٰ دیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ آج ان کو استحقاق یاد آیا۔ یہ تمام ماحول، یہ درو دیوار حاجی صاحب کے خلاف کیا گواہی دیں گے، قیامت کے دن۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا! میں عرض کرتا ہوں . . .

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں آپ بھی تشریف رکھیئے۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا! صرف ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایوان میں چیخنا بھی قواعد کے مطابق ہونا چاہیئے، ویسے چیخنا کالعدم قرار دیا جائے۔

قاضی عبداللطیف: اس کا اطلاق پھر سبھی پہ ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قاضی صاحب آپ بھی تشریف رکھیئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جو ۲۷ ستمبر ۱۹۸۷ء کو حاجی سیف اللہ خان، وزیر مذہبی امور و اقلیتی امور نے قاعدہ ۱۷۳ کے تحت جو تحریک پیش کی تھی، جس کی رو سے ایوان میں زیر غور بل کو خصوصی کمیٹی کے سپرد کیا گیا، جو ۱۷ اراکین پر مشتمل تھی، محرکین بھی اراکین کی حیثیت سے مذکورہ خصوصی کمیٹی میں نامزد کئے گئے تھے۔ جنہوں نے بعد ازاں اس کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا۔ محرکین نے موقف اختیار کیا کہ قواعد و ضوابط کارروائی و انصرام کار سینیٹ ۱۹۷۳ء کے مطابق جب ایک بل مجلس قائمہ سے ایوان میں موصول ہوتا ہے اور

[Mr. Deputy Chairman]

اگر اس کے بعد حالات کا تقاضا ہو تو بل کے محرکین کے ذریعہ بل کو مجلس خصوصی کے حوالے کیا جا سکتا ہے۔ محرکین کو یہ شکایت ہے کہ چونکہ شریعت بل انہوں نے پیش کیا تھا، اس لئے بل کو مجلس خصوصی کے سپرد کرنے کا اختیار بھی انہی کو حاصل تھا۔ لہذا ایسا نہیں ہوا جس سے ان کا پارلیمانی استحقاق مجروح ہوا ہے، ۱۲ ستمبر ۱۹۸۶ء، حاجی سیف اللہ خان، وزیر مذہبی امور و اقلیتی امور نے قاعدہ ۱۰۳ کے تحت ایک تحریک پیش کی تھی، چونکہ ترامیمات کی تعداد بہت زیادہ ہے لہذا اس کے پیش نظر بل ہذا کی تمام دفعات کو نفاذ شریعت کے ضمن میں قابل عمل بنانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ قواعد و ضابطہ کار انصرام کارروائی سینیٹ ۱۹۷۳ء کے قاعدہ ۱۰۳ کے تحت ایک مجلس خصوصی تشکیل دی جائے۔ یہ مجلس خصوصی ۱۷ اراکین پر مشتمل ہو گی، جس میں بل کے محرکین اور بل ہذا میں ترامیم پیش کرنے والے، دونوں قسم کے اراکین شامل ہوں گے اس سے پہلے کہ ایوان بل ھذا پر شق وار بحث کرے۔ یہ کمیٹی مجوزہ ترامیم میں اختلافات کو ختم کرنے اور ممکنہ حد تک متفقہ طور پر سفارش پیش کرنے کا کام سرانجام دے گی۔ یہ تحریک ایوان میں پیش کی گئی تھی، تحریک ہذا کی قانونی حیثیت پر گرماگرم بحث ہوئی تھی اور محرکین نے بھی اس ضمن میں اپنا مافی الضمیر بیان کیا تھا۔ تحریک کے حق اور مخالفت میں معزز اراکین کے دلائل سننے کے بعد تحریک ہذا کو باضابطہ قرار دیا گیا تھا۔ لہذا فیصلے پر استحقاق کے مجروح ہونے کا سوال ہی نہیں اٹھایا جا سکتا۔ مزید برآں محرکین نے جو موقف اختیار کیا ہے کہ بل ہذا کو مجلس خصوصی میں ان کی درخواست پر بھیجا جانا چاہیئے تھا۔ تاکہ بصورت دیگر اس کا کوئی قانونی جواز نہیں ملتا کیونکہ کسی قسم کے پارلیمانی استحقاق کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہوئی ہے اس لئے تحریک زیر قاعدہ ۱۵۹، (۱۱) خلاف ضابطہ قرار دی جاتی ہے۔

شکریہ!

مولانا سمیع الحق: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر اس کے متعلق ہے تو تشریف رکھیئے کیونکہ میں نے اس کے بارے میں رولنگ دے دی ہے۔

مولانا سمیع الحق: نہیں حضرت اس کے بارے میں بالکل عرض نہیں کر رہا ہوں۔ آپ کی رولنگ سر آنکھوں پر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی فرمائیے۔

مولانا سمیع الحق: پرسوں آپ نے ایک وعدہ فرمایا تھا۔ ہم نے ایک مسئلہ کراچی کے واقعات کے بارے میں پیش کیا تھا۔ اس سلسلے میں آپ نے فرمایا تھا کہ اگلے اجلاس میں فوراً وزیر قانون اس مسئلہ کے متعلق بیان دیں گے۔ ہم چونکہ براہ راست اس وقت کراچی سے آرہے ہیں اور وہاں حالات نہایت تشویشناک ہیں، تیسرا دن ہے کہ جو سینکڑوں لوگ گرفتار کئے گئے تھے، ابھی تک جیلوں میں ہیں، یہاں تک کہ اب جیلیں بھر گئی ہیں اور اب ان کو تھانوں وغیرہ میں رکھا جا رہا ہے۔ سولجر تھانہ میں ہم نے خود جا کر دیکھا کہ ۷۰ افراد جن میں آٹھ آٹھ، نو نو سال کے چھوٹے بچے بھی شامل ہیں پڑے ہوئے ہیں۔ پانی تک ان کو نہیں دیا جا رہا ہے۔ جن افراد کو پولیس نے اپنی پنجرہ نما گاڑیوں میں شام سے لیکر آٹھ بجے تک بٹھائے رکھا، ان کو ان گاڑیوں سے قضائے حاجت کے لئے بھی نہیں اترنے دیا گیا۔ اس طرح چار پانچ سو افراد اس مشکل میں ہیں۔ اگر حکومت ان حالات کو کنٹرول نہ کر سکی تو یہ آگ پورے ملک میں خوانخواستہ بھڑک نہ جائے۔ انہوں نے انشاء اللہ اب تک ساری تفصیلات جمع کر لی ہوں گی، ہم بھی ان کے سامنے کچھ حقائق پیش کر سکتے ہیں۔ اگر وہ چاہیں۔ ہم تو اسی وجہ سے وہاں گئے تھے کہ حالات ٹھیک ہو جائیں اور حقائق سامنے آجائیں۔ آج چوتھا دن ہے کہ یہ لوگ جیلوں میں ہیں۔ آخر دفعہ ۱۴۴ کسی نے توڑ بھی دی اور جلسہ ہو گیا تو اس طرح کے واقعات کے بعد عموماً لوگوں کو دو تین دن کے بعد چھوڑ دیا جاتا ہے لیکن ان کو اب تک جیلوں میں کیوں رکھا گیا ہے کراچی میں پاکستان بھر سے تمام علماء جمع ہوئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم کل سڑکوں پر نکلیں گے اور ہر حالت میں ہم سڑکوں پر دھرنا مار کر بیٹھیں گے خواہ فوج آئے یا پولیس آئے۔ ایسے حالات خدا کرے کہ پیدا نہ ہوں بلکہ اس معاملے کو سلجھایا جائے۔ پہلے اس پر وزیر قانون اظہار خیال فرمائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب، بالکل میں نے اس دن آپ سے وعدہ بھی کیا تھا مگر رولز کے تحت کسی معاملے کو آؤٹ آف ٹرن لینے کے لئے ضروری ہے کہ ہاؤس کے سامنے متعلقہ تحریک کو پیش کیا جائے۔ اگر ہاؤس اجازت دیتا ہے تو میں اسے پیش کرنے کیلئے تیار ہوں۔
پیش کرنے کے لئے تیار ہوں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا! یہ ایک اہم مسئلہ ہے، اگر اس پر بحث کی اجازت دے دی جائے تو بہت اچھا ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ اہم مسئلہ ہے اسی لئے میں نے کہا ہے کہ اس میں ہاؤس کی رائے کی ضرورت ہے۔

[Mr. Deputy Chairman] جی قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر گزارش یہ ہے کہ کسی صاحب نے اس کی مخالفت کی ہی نہیں، تو پھر آپ ہاؤس سے کیوں پوچھنا چاہتے ہیں۔ جب انہوں نے مخالفت خود نہیں کی اور وہ اس کا جواب دینے کے لئے تیار ہیں تو میرے خیال میں اس موقع پہ ہاؤس سے پوچھنا کہ آپ کیا چاہتے ہیں ضروری نہیں

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ کوئی ایسا پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے، جس کے بارے میں قاضی صاحب فرما رہے ہیں۔ میں نے تو رولز کے مطابق بات کی ہے۔ جی راجہ نادر پرویز صاحب۔

راجہ نادر پرویز خان: ابھی تک ہمارے پاس پوری تفصیلات نہیں پہنچی ہیں۔ میری درخواست ہے کہ اگر آپ اس موشن کو موو کرنا چاہتے ہیں تو موو کر دیجئے اور پرسوں انشاءاللہ ہم اس کا جواب ہاؤس میں پیش کر دیں گے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا! مجھے افسوس اس بات پہ ہے کہ کراچی اتنا بڑا شہر ہے پاکستان کا ایک حصہ ہے اور اس میں ہزاروں لوگ گرفتار کئے جا رہے ہیں۔ وہاں ہنگامے ہوتے ہیں تو ان کے بارے میں معلومات اکٹھا کرنے کے لئے ان کو کیا مہینوں کی مدت درکار ہے یہ افسوس ناک بات ہے یہ تو ان کو پہلے ہی چاہیئے تھا کہ . . . . .

انجینیئر سید محمد فضل آغا: جناب والا! محرک نے ابھی موشن پیش ہی نہیں کیا تو پھر میرداد خیل صاحب کیوں وضاحت فرما رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ میری گزارش سنیئے، ہاؤس میں اس مسئلہ پر بحث کے لئے ضروری ہے کہ ہاؤس سے آؤٹ آف ٹرن اس پر بحث کی اجازت لی جائے۔

مولانا سمیع الحق: میں نے اسی روز آپ کے حکم کے مطابق رولز کے مطابق لکھ کر دے دیا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ پڑھیئے۔

## ADJOURNMENT MOTIONS

### (I) *RE:* ARREST OF PARTICIPANTS OF SAWADE-I-AZAM CONFERENCE AT KARACHI

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ قومی اور ملی نوعیت کا معاملہ جو کہ حسب ذیل ہے، زیر غور لایا جائے۔

(i) *RE:* ARREST OF PARTICIPANTS OF SAWADE-I-AZAM CONFERENCE AT KARACHI

کراچی کے اخبار مورخہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۸۷ء سے واضح ہوتا ہے کہ پولیس نے جمشید روڈ کی مسجد سے عظمت صحابہ کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے جانے والے اڑھائی سو افراد کو گرفتار کر لیا سواد اعظم اہل سنت کے رہنماؤں اور کانفرنس کے منتظمین کے خلاف مقدمات درج کر لئے۔ لوگوں کو روکنے کے لئے سات اطراف سے ناکہ بندی کر لی۔ جامع مسجد بنوری ٹاؤن میں پولیس داخل ہوئی۔ جوتوں سے نمازیوں کو مارا، علماء کی ڈاڑھیاں نوچی گئیں۔ سواد اعظم اہل سنت کے علماء کی گرفتاری کے لئے پولیس چھاپے مار رہی ہے اس واقعہ سے پورے ملک کے اہل سنت مسلمانوں میں شدید بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین! میں اس کی تفصیلات میں تو نہیں جاتا لیکن میں اتنا عرض کروں گا کہ جناب راجہ نادر پرویز صاحب نے فرمایا ہے کہ اسکی تفصیلات ہمیں ابھی موصول نہیں ہوئی ہیں۔ میں حیران ہوں کہ یہ ایک ترقی یافتہ ملک ہے ہمارے پاس ہر طرح کے وسائل اور ذرائع ہیں، انٹیلی جنس ہے، ایف آئی اے ہے ڈائریکٹ ٹیلیفون کا سسٹم ہے، کسی اور برِ اعظم کے بارے میں یہ معلومات تو متعلقہ نہیں ہیں۔ آج تیسرا دن ہے، لوگوں کو مجسٹریٹ کے سامنے پیش کئے بغیر جیلوں میں ڈالا گیا ہے چھوٹے چھوٹے بچے جیلوں میں ہیں صرف معلومات جمع کرنے کے لئے اور ہم کتنے ہفتے انتظار کریں گے اگر وزارت داخلہ اور یہاں کے ذرائع کی یہ حالت ہے تو پھر ؎

تا تریاق از عراق آوردہ شود

مار گزیدہ مردہ خواہد شود

یہ سارا جھگڑا ۲۰ صفر سے پہلے پہلے ختم کرانا چاہیئے تھا۔ جب ۲۰ صفر کا مسئلہ گزر جائے گا اور پانی سر سے گزر جائے گا تو پھر معلومات اکٹھی کر کے ہمیں بتائیں گے؟ اس معاملے میں آپ نے وعدہ فرمایا تھا کہ ہم یہاں بیان کریں گے۔ وسیم سجاد صاحب اس وقت موجود تھے۔ اگر آپ آج ہی اس بارے میں کوئی اطمینان بخش بیان دے دیں اور کم از کم ان لوگوں کو صبح ہونے سے پہلے پہلے رہا کرا دیں تو پھر بھی وہ مطمئن ہو جائیں گے۔ ہم تو اس ملک کی خیر خواہی کی بات کرتے ہیں، خدا کی قسم، سیاست کی بات نہیں کرتے آپ کی کیوں آنکھیں نہیں کھلتی ہیں۔ جب آگ لگتی ہے اور بھڑک اٹھتی ہے تو پھر آپ اسمبلیوں میں کہتے ہیں کہ آپ حالات پر بحث کریں۔ اس معاملے کا رخ اگر قومی اور لسانی جھگڑوں کی طرف ڈال دیا گیا تو کراچی کا علاقہ کتنا حساس

ہے۔ وہاں اگر اس قسم کی مذہبی چیز بھی شروع ہو گئی تو پھر تو خدا ہی حافظ ہے اس لئے میں دونوں حضرات وسیم سجاد صاحب اور راجہ نادر پرویز صاحب سے اپیل کرتا ہوں کہ اس معاملے پہ ہمیں کوئی تسلی بخش جواب دیں۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! گزارش یہ ہے کہ اس تحریک کا مقصد نیک ہے اور آپ یقین کیجئے کہ خالص نیک نیتی پر مبنی ہے، آپ اگر معاملات کو ابہام میں رکھیں گے۔ تو اس سے بدگمانیاں اور افواہیں پھیلیں گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قاضی صاحب یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ اس موشن کو آوٹ آف ٹرن پیش کرنے کے لئے مجھے ہاؤس سے اجازت لینے دیجئے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ: مولانا صاحب نے فرمایا کہ ملاء کی داڑھیاں نوچی گئیں تو کیا یہ پولیس میں آجکل نائی بھرتی ہو چکے ہیں کہ وہ بالوں کو دیکھ کر تڑپ جاتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تشریف رکھیئے جی شکریہ۔ سوال یہ ہے کہ مولانا صاحب کی تحریک آوٹ آف ٹرن لینے کے لئے ایوان اجازت دے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے جی منظور ہے۔ جی مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق: وہ تو پڑھ لی ہے۔ اگر پڑھی ہوئی تصور کر لیں تو عنایت ہو گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے جی پڑھی ہوئی تصور کر لی جاتی ہے۔ جناب وسیم صاحب۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا! ہم اس پہ بیان دے چکے ہیں کہ اس کی ابھی پوری اور مکمل تفصیلات نہیں آئیں۔ اس کو آپ مہربانی کر کے پرسوں لے لیں تاکہ حکومت کی جانب سے کوئی بیان دیا جا سکے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب! منسٹر صاحب کی طرف سے یہ ریکوئسٹ آئی ہے کہ پرسوں لے لیں۔ اس لئے کہ یہ زیر بحث تو اب آ ہی جائے گی۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر جناب والا! میں اپنے محترم وزیر سے اتنی

گزارش کروں گا کم از کم وہ اتنا تو فرما دیں۔ اس وقت کہ جو لوگ پکڑے گئے ہیں کم از کم ان کو تو رہا کرایا جائے تاکہ یہ اشتعال مزید نہ بڑھے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ نیکسٹ ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۲، طارق چوہدری صاحب۔ ان کی طرف سے درخواست آئی ہے کہ جمعرات کے لیے ان کے جتنی بھی موشنز ہیں وہ ڈیفر کر دی جائیں۔ ۴، نمبر ہے قاضی حسین احمد صاحب، وہ تشریف نہیں رکھتے ڈراپ کی جاتی ہے۔ کیونکہ کوئی درخواست ان کی طرف سے نہیں آئی۔ نیکسٹ نمبر ۶، بھی قاضی حسین احمد صاحب کی ہے اس کو بھی ڈراپ کیا جاتا ہے نیکسٹ ،، حاجی ملک فرید اللہ خان صاحب کی ہے۔ وہ بھی نہیں ہیں۔ لہذا ڈراپ کی جاتی ہے۔ کوئی ریکویسٹ بھی نہیں ہے۔ نیکسٹ نمبر ۸۳ طارق چوہدری صاحب کی ہے اسے ڈیفر کیا جاتا ہے نمبر ۸۶ میر عبدالرحیم میرداد خیل صاحب کی ہے۔ وہ تشریف رکھتے ہیں۔ جی آپ move کریں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا! مجھے یہ سبق پھر دہرانا پڑے گا کہ عبدالرحیم میرداد خیل میرا نام ہے۔ "تسیں کیوں اس طرح ساڈے نال گلاں کردے او۔"

## (II) *RE:* KILLING OF 70 PERSONS IN A FIGHT BETWEEN TWO TRIBES IN RAJANPUR DISTT. TRIBAL AREA.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ روزنامہ "نوائے وقت" مورخہ ۲۹/۹/۸۷ میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ راجن پور کے قبائلی علاقے میں کملوالی کے قریب بگٹی اور مزاری قبائل میں کئی روز سے جاری خونریز لڑائی میں دونوں قبائل کے ۷۰ افراد ہلاک اور سینکڑوں افراد زخمی ہوئے ہیں لڑائی میں دستی بموں، مارٹر گنوں اور دیگر بھاری اسلحہ کا آزادانہ استعمال کیا جا رہا ہے۔ ضلع راجن پور پنجاب، ضلع ڈیرہ بگٹی بلوچستان کی انتظامیہ لڑائی ختم کرانے میں ناکام رہی ہے اس اہم قومی اور فوری نوعیت کے پیش نظر اس مسئلے کو ایوان میں زیر بحث لایا جائے۔

جناب چیئرمین: جس طرح دیگر صوبوں میں حالات کشیدہ ہیں۔ اس طرح اللہ کے فضل و کرم سے بلوچستان کے حالات کشیدہ نہیں ہیں۔ اور ایک حد تک امن و امان کی فضا بلوچستان میں برقرار ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ بالکل سو فیصد امن و امان ہے وہاں بھی بم بلاسٹنگ ہو رہی ہے اور فضائی خلاف ورزیاں بھی ہوئی ہیں۔ لیکن

[Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel]

اندرون خانہ پنجاب اور بلوچستان کے دونوں قبائل کو آپس میں لڑانا اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ اس کے پیچھے ایک گہری سازش ہے۔ لہٰذا اس اہم مسئلے پر حکومت وقت کو یہ چاہیئے تھا کہ وہ پہلے سے ان قبائیلیوں کے انتظام اور رسم و رواج کے مسائل پر نوٹس لیتی تو پھر یہ اتنا بڑا ہنگامہ کھڑا نہ ہوتا۔ اس وجہ سے مجھے اُمید ہے کہ اس اہم قومی مسئلے پر اور بلوچستان اور پنجاب کے عوام کے درمیان تفرقہ نہ ڈالنے کا ایک واضح اعلان کیا جائے تاکہ بلوچستان کے عوام یکسوئی کے ساتھ اپنی ترقی میں گامزن ہوں۔ شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی راجہ نادر پرویز صاحب جو فرمانا چاہتے ہیں فرما دیں۔

**Mr. Deputy Chairman:** Janab Nadir Pervaiz Sahib.

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** I oppose it, Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی آپ جو فرمانا چاہتے ہیں وہ فرما دیں۔

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** Sir, I want to bring it to the notice of the honourable Member that no such incident took place on the date as mentioned in the newspapers. It was false and frivolous. No incident actually occurred on the border of Rajanpur and Balochistan where these tribes were involved. There was only one instance in those days, that was too much earlier before it was reported in the newspapers by one Mr. Liaquat Ali that he was going on the jeep with a few people and he was fired upon from the area Dera Bughti and no loss of life or property took place but a small report was lodged with the police. After enquiring from both the provincial governments, it was reported that it was wilfully planned and it was published in the newspapers with ulterior motives by one correspondent who represents this newspaper. The Government has issued instructions and proper action would be taken against that correspondent who had given this false news in the newspaper and once the action is taken it will be intimated to the Federal Government.

Moreover, Sir, I just want to emphasise that law and order situation under Article 74 of the Constitution comes under the Provincial Government and as far as the honourable Member is

concerned, I would like to assure him that these were false reportings. It was done with ulterior motives. Though there is no truth in that yet I assume that an appropriate action would be taken by the Government concerned Sir, and nothing of this sort ever happened. Thank you, Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ : جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب چیئرمین ! وزیر محترم نے وضاحت کر دی ہے ۔ لیکن حقیقتاً بات یہ ہے کہ صحافت اس ملک میں جمہوریت کی دوسری آنکھ ہے اور انہوں نے صحافت....

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ ایڈمسبلٹی پر بات کریں ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : اس نے اخبار کے خلاف بات کہی ہے تو وہی بات میں کہہ رہا ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : مولانا کیا اخبار کے خلاف بات کہی ہے ۔ جی فرمائیے ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : یہ ایک ہاؤس ہے ۔ آپ ہم سے اس انداز سے بات کر رہے ہیں ۔ کہ جیسے ہم آپ پر بوجھ ہیں اور اس ہاؤس پر بھی بوجھ ہیں۔ میں تو اس کا شکریہ ادا کرتا ہوں اس نے وضاحت کی ہے آپ ہمیشہ ہی یہ سبق دہراتے ہیں ۔ وزیر محترم نے جو بات کہی ہے میں اس کی تائید کرتا ہوں کہ ٹھیک ہے اس نے وضاحت کی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اخبارات ہمیشہ سچی باتیں شائع کرتے ہیں ۔ جو حقیقت پر مبنی ہوتی ہیں ۔ اگر انہوں نے واقعی غلط رپورٹنگ کی ہے تو اس کا پھر مواخذہ کرنا چاہیئے ۔ اگر یہ صحیح نہیں ہے اسے ویسے ہی گھسیٹا ہے تو یہ صحافت کے ساتھ ظلم ہوگا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ! محرک چاہتے ہیں کہ بلوچستان کے دو قبائل یعنی گبکی اور مزاری قبائل کے مابین خونی جھڑپوں کو زیر بحث لایا جائے جن کے نتیجے میں ۷۰ افراد ہلاک اور کئی سو زخمی ہو گئے ان جھڑپوں میں دونوں جانب سے مبینہ طور پر ہینڈ گرنیڈ ، مارٹر توپیں اور دیگر بھاری اسلحہ استعمال کیا گیا تھا پنجاب کے ضلع راجن پور کی انتظامیہ ان جھڑپوں پر قابو پانے سے قاصر رہی ہے ۔ بلوچستان میں قبائلی علاقہ آئین کی رو سے صوبائی حکومت کے دائرہ اختیار میں آتا ہے اور اس حکومت کو پورا اختیار ہے کہ وہ اس علاقے میں پرامن حالات پیدا کرنے کے لئے مناسب کارروائی کرے ۔ یہ ایک مقامی معاملہ ہے اور اس کے لئے مقامی حکام ہی بنیادی طور پر ذمہ دار ہیں ۔ یہ فوری اہمیت کا حامل حالیہ واقعہ نہیں ہے لہذا اس تحریک کو قاعدہ ۱۷ (الف) (ج) اور (د) کی رو سے خلاف ضابطہ قرار دیا جاتا ہے ۔

[Mr. Deputy Chairman]

تحریک استحقاق نمبر ۹۹ بھی جناب جاوید جبار کی ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا! میں نے پہلے وضاحت کی کہ میں زور دے کر اصرار نہیں کرتا ہوں اور آپ نے اسے یکدم مسترد کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے تو نہیں سنا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں نے اس پہ اتنی لمبی چوڑی تقریر کی، وزیر محترم کے سامنے پانامہ پیش کیا۔ آپ کو اتنا اندازہ تو ہونا چاہیئے تھا کہ یہ الفاظ کیا کہہ رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جو کچھ آپ نے کہا میں نے اس کے مطابق رولنگ دی ہے۔

جناب حسن اے شیخ: وہ اصرار کر رہے ہیں یا نہیں کر رہے۔ اس بارے میں انہوں نے کچھ نہیں کہا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں ان کی سادگی اور بے لسبی کا احترام کرتا ہوں۔ جاوید جبار صاحب بھی نہیں ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں بے لسبی نہیں ہوں اس ایوان میں میں کوئی یتیم آدمی نہیں ہوں میں اتنا بے لسبی نہیں ہوں میں پوری جرأت کے ساتھ ہر بات کہہ سکتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ تشریف رکھیئے۔ طارق چوہدری صاحب کی بھی ۹۷ نمبر ہے اس کو بھی ڈیفر کیا جاتا ہے اور ایک تحریک نمبر ۹۸ مولانا سمیع الحق صاحب کی ہے جو آؤٹ آف ٹرن ہے۔ ایک مولانا کوثر نیازی صاحب کی ہے۔ یہ بھی آوٹ آف ٹرن ہے۔ اگر آپ چاہیں تو پڑھ دیں۔

## RE: POLICE VERIFICATION FOR NATIONAL INDENTITY CARDS

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! اس کا متن یہ ہے کہ میں نے پاسپورٹ آفس اسلام آباد کے ایک حالیہ معائنہ کے دوران درخواست دہندگان سے جو حقائق معلوم کیے ہیں اس سے عوامی مشکلات کے بعض اہم پہلو میرے سامنے آئے ہیں اور یہ اس قابل ہیں کہ اجلاس کی کارروائی ملتوی کر کے ان پر بحث کی جائے۔

حکومت نے ایک حالیہ حکم کے تحت تمام شناختی کارڈوں اور پاسپورٹوں کے لئے بلالحاظ سن و سال پولیس انکوائری لازم قرار دے دی ہے اس سے مقصود افغان مہاجرین کو غلط پاسپورٹوں اور شناختی کارڈوں کے اجراء کا سدباب ہے۔ مگر یہ مہاجرین ۱۹۷۹ء میں آئے ہیں اس لیے دسمبر ۱۹۷۸ء تک کے تمام شناختی کارڈوں اور پاسپورٹوں کے لئے پولیس انکوائری ہرگز ضروری نہیں۔ اسی طرح جب پولیس انکوائری شناختی کارڈوں کے لیے لازم کر دی گئی ہے تو پھر پاسپورٹ کے وقت اس کیس میں دوبارہ پولیس انکوائری

کی ضرورت نہیں ہونی چاہیئے - زیادہ سے زیادہ شناختی کارڈ کے اجراء کے وقت ایک سرٹیفکیٹ جاری کیا جا سکتا ہے کہ یہ کارڈ پولیس انکوائری کے بعد جاری ہوا ہے - اسی طرح پولیس سے انکوائری کروانے کی وجہ سے رشوت کا ایک اور دروازہ کھل گیا ہے اور عام آدمی کی مشکلات بڑھ گئی ہیں - یہ انکوائری اگر علاقے کے کونسلر سے کرائی جائے تو زیادہ مفید ہوگا -

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی جناب راجہ نادر پرویز صاحب -

راجہ نادر پرویز خان : میں اس کو اپوز کرتا ہوں جناب

Although I got it very late but still I would like to answer that.

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ اس پر کچھ اور فرمانا چاہیں گے ؟

مولانا کوثر نیازی : میری تحریک التوا self explanatory ہے اور اس پر زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں - یہ وہ مشکلات ہیں جو پاسپورٹ آفس کے حکام بھی محسوس کر رہے ہیں اور عام آدمی بھی محسوس کر رہا ہے - مجھے تو یہ خیال ہے کہ حکومت کم از کم ان پہلوؤں کا جائزہ لے کر ان کے ازالے کی کوئی صورت نکالے گی نہ کہ فوری طور پر اس کی مخالفت کرنا وزیر صاحب ضروری سمجھیں گے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی جناب راجہ نادر پرویز صاحب -

راجہ نادر پرویز خان : شکریہ جناب ! میں واضح کرنا چاہتا ہوں مخالفت نہیں جناب اس لیے کہ تحریک التوا میں کچھ ایسے نکتے اٹھائے گئے ہیں جن کا پہلے floor of the House جواب دیا جا چکا ہے in the Senate and in the National Assembly. لیکن مولانا صاحب کی خدمت میں میں مؤدبانہ عرض کروں گا کہ یہاں تین چار پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے - پہلا سوال پیدا ہوتا ہے سن اور سال پولیس انکوائری کیلئے لازم قرار دے دیا ہے I will come to that later and the second one says کہ ۱۹۷۹ء سے پہلے جن کے پاس پاسپورٹ یا شناختی کارڈ تھے ان کی verification کی ضرورت نہیں ہونی چاہیئے - تیسرا ان کا یہ نکتہ ہے کہ ایک دفعہ پولیس نے ویریفائی کر کے ایک سرٹیفکیٹ جاری کر دیا ہے اس کے لیے دوبارہ verification کی ضرورت نہیں ہونی چاہیئے - چوتھا ان کا نکتہ یہ ہے کہ اس اقدام سے پولیس کے لئے رشوت

[Raja Nadir Pervaiz Khan]

کے دروازے کھل گئے ہیں اور تصدیق کو نسلرز کو کرنی چاہیئے ۔

I take up these points one by one although I have got the adjournment motion very late but as it relates to some of the questions which have been answered on the floor of the House, we have the knowledge, I have got the brief of the report with me I would like to satisfy the honourable Member today. First of all Sir, the issuance of identity cards started in 1973 and all those identity cards which were issued in 1973 and onwards they were linked up with the issuance of the passports. Anybody who had an identity card would not be requiring any verification he would automatically get a passport but resulting which Sir, thousands of the people who were non nationals, illegal immigrants like the Afghanis, the Burmese, the Ceylonese and Bangladeshis they managed to get the national identity cards and in turn they got the passport made and so many of those people in thousands have gone abroad and we have got the reports from our Foreign Missions. It was due to lack of care taken by the people because it was linked up with that way that the Magistrates and the elected representatives of the area could verify and attest the forms of the national identity cards. Due to the lack of care taken by the attestors so many people got the forms attested and got the passports issued and after that those people managed to go abroad. This created a lot of law and order problem for us Sir. All that subversive activities in the country, the terrorists moving here and there and all that unlawful activities were connected with all this national identity cards though this is one of the very important document which could be in possession of a person who is a Pakistani basically. I just want to assure the honourable Member that any card issued before 79 does not need a verification. All those people who are the honourable Senators, MNAs, MPAs, employees of the autonomous and semi-autonomous bodies, employees of the municipalities, the wives and dependents of these officers from the different departments, retired persons and their families, journalists who have been registered with the Federal and the Provincial Governments do not need any verification by the Police and once they apply for identity card their national identity card will be issued within three days. All those people who want an issuance of a duplicated copy of the identity card or a duplicate copy of the passport will have to be verified through the Police. This is just for the verification, Sir. Before 79 we don't need any verification.

Second thing is Sir, that all those people who have the identity cards and once they have been verified by the Police to get a passport they will not be needing a verification again as required by the Registration Officer. This policy was adopted by the Government to revolutionize the entire system so that all those people who have illegally got hold of the passports and the identity cards could be checked. Recently the Government has decided to start a pilot project in Islamabad and Rawalpindi. We would re-verify all those identity cards issued after January, 1979 till July, 1987. This policy was decided by the Government to counter all those illegal immigrants in our country who could easily get the identity cards and could get their passports made. I am sure, Sir, with this brief statement of mine the honourable Member would be satisfied and will not pursue the motion as:

> firstly, it is the Government policy and a decision has been taken;
>
> secondly, certain confusion was there in the adjournment motion and I have tried to clarify that, Sir.
>
> The third thing is that it comes under rule 71(d) of the Rules of Procedure and it is hit by that because this was discussed on the floor of the House in the National Assembly and I request, Sir, that this may not be discussed on the floor of the Senate again.

I am sure, Sir, by this statement and the clarification the honourable Member will be satisfied. Thank you, Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جناب مولانا کوثر نیازی صاحب۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میں اس پر کوئی بحث نہیں کرنا چاہتا۔ میں نے یہ حقائق درخواست دہندگان اور پاسپورٹ آفیسرز سے معلوم کیے ہیں اگر یہ پالیسی حکومت بنا چکی ہے تو پھر اس کے پاسپورٹ افسران اس سے پوری طرح آگاہ نہیں ہیں۔ میں یہ اپیل کروں گا وزیر صاحب سے کہ کنفیوژن جو ان مسائل پر پاسپورٹ افسروں کے ذہن میں ہے وہ اس کو ختم کریں اور دوسرے وہ اس پر بھی غور کریں کہ پولیس انکوائری کی بجائے اگر اراکین بلدیہ کو یہ کام سونپا جائے جو اپنے علاقے کے ووٹرز کو بخوبی جانتے ہیں تو شاید اس سے نسبتاً کرپشن

[Maulana Kausar Niazi]

کم ہو۔ بہرحال یہ بھی ایک تجویز ہے اور اس سے بھی بحث مقصود نہیں ہے تو ان گزارشات کے ساتھ میں اپنی تحریک پر اصرار نہیں کرتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! پریس نہیں کیا، اب قانون سازی، قاضی عبداللطیف صاحب۔

## THE SUPPRESSION OF TERRORIST ACTIVITIES (SPECIAL COURTS) (AMENDMENT) BILL, 1987

قاضی عبداللطیف: جناب والا! ملک کے استحکام اور ملک کو چلانے کیلئے تین ادارے ہوتے ہیں انتظامیہ، مقننہ اور عدلیہ، یہ بل جو پیش کیا گیا ہے ہمارے محترم وزیر انصاف یا وزیر قانون صاحب نے اس ضرورت کو محسوس کیا کہ سابقہ طریق کار ہماری مشکلات کو حل کرنے میں ناکام ہوا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ آواز بڑے عرصے سے اٹھائی جا رہی تھی کہ یہ نظام اور یہ قانون ہمارے مزاج اور ہمارے مسائل کے لئے ناکام ہو چکا ہے لہذا اس کے اندر تبدیلی کی جائے۔ جناب والا! آپ اس حقیقت سے ناواقف نہیں ہیں۔ مگر انتظامیہ اور مقننہ سے زیادہ اہم ترین عنوان عدلیہ کا ہے اس لئے کہ ان سب میں توازن قائم کرنا عدلیہ ہی کا کام ہے اگر انتظامیہ کی جانب سے کوئی زیادتی ہوتی ہے اپنے ماتحت لوگوں پر یا رعیت پر تو اس کے ازالے کے لئے عدالت ہی ہوتی ہے لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے آپ اس کو تسلیم کریں گے کہ میدان جنگ کے بعد جتنے مظالم اور جتنی خون ریزیاں عدالت میں ہوئی ہیں اس کی نظیر کہیں اور نہیں ملتی، حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لیکر حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ کو، انبیائے کرام علیہ صلوٰۃ اجمعین کو عدالت ہی کے نام سے کٹہرے میں لایا گیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ آپ عدالتوں کے سامنے مجرم قرار دیئے گئے ہیں لیکن تاریخ اپنے حقائق کو مسخ نہیں کرتی، تاریخ میں حقائق اپنی حقیقت پر ہی رہتے ہیں، وہ دور گزرنے کے بعد تمام دنیا کو معلوم ہوا کہ عدالتوں کے فیصلے کس نوعیت کے تھے اور کس طریقے سے وہ کیے گئے تھے ہم نے مانا کہ اس وقت لوگوں نے اس کی تحسین کی ہوگی، تالیاں بجائی ہوں گی۔ ڈیسک بجائے ہوں گے کہ واقعی عدالت نے ایک جرأتمندانہ اقدام کیا ہے لیکن بعد میں حقیقت، حقیقت رہی اور باطل، باطل ہوا تو اس لئے عدالت کا معاملہ انتہائی نازک ہوتا ہے۔

میں جناب وزیر قانون کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ موجودہ نظام عدالت اور قانون عدالت دونوں انتہائی غلط ہیں اور یہ خود اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ ایک مقدمہ دس دس سال تک چلتا ہے اور بارہ بارہ سال تک چلتا ہے اور ایک مقدمہ دس سال تک اور بارہ سال تک چلتا ہے اس میں نہ تو مدعی کی تعریف ہے نہ مدعا علیہ کی تعریف ہے نہ شاہد کی تعریف ہے جناب والا! اگر آپ اجازت دیں تو میرا خیال ہے میں تقریر کو ختم ہی کردوں، اس لیے کہ کوئی اس کا نوٹ لینے والا نہیں ہے تو میں کیوں کچھ کہوں نہ تو وزیر قانون نوٹ لے رہا ہے اور نہ کوئی ایوان کا جو سربراہ ہے وہ نوٹ لے رہا اور نہ آپ سن رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں تو سن رہا ہوں۔

قاضی عبداللطیف: آپ تو کاغذات میں مصروف ہیں، نوٹس کون لے رہا ہے مجھے معلوم نہیں ہے وہ دل میں سے لے رہے ہیں آپ نے کوئی نوٹس تو لئے نہیں اور آپ اپنی مجلس کر رہے ہیں۔ ادھر ادھر.........

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جی فرمایئے۔

قاضی عبداللطیف: اگر ممبروں کے کہنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے، کوئی وقار نہیں ہے انہوں نے کوئی فیصلہ کر لیا ہے تو میرا خیال ہے بہتر یہ رہے گا کہ آپ ایوان کا وقت بھی ضائع نہ کریں اور جو کچھ آپ نے کرنا ہے سو کر دیں۔ میں اتنی گزارش کروں گا کہ آپ کا طریق کار اور آپ کا قانون یہ سب غلط ہے اس لئے کہ آپ کے قانون میں مدعی، مدعا علیہ اور گواہ کی تعریف نہیں ہے، آپ کے طریق کار میں یہ ہے کہ ایک دفعہ سارے کے سارے شاہد عدالت کے اندر اکٹھی حاضری دے دیں اس کے بعد وہ تدریجاً آتے رہیں اور پھر ان کی گواہی لی جائے گی میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ مدعی، مدعا علیہ اور شاہد کی تعریف نہیں ہے آج جس پر چوہدری کا کیس ہوا ہے، مثلاً میں مظلوم ہوں لیکن دعویٰ ہے سٹیٹ کی طرف سے میں بطور گواہ کے پیش کیا جاتا ہوں حالانکہ ظلم مجھ پر ہوا ہے، مدعی میں ہوں اور اس کی مصالحت کرنے والا میں ہی ہو سکتا ہوں نہ کہ اس کی مصالحت کرنے والی حکومت ہو سکتی ہے تو مدعی وہی ہوتا ہے جس پر ظلم کیا جاتا ہے۔ جس کا حق چھینا جاتا ہے وہی مدعی کہلاتا ہے اور آپ کے ہاں یہ ہے کہ یہ مدعی نہیں ہے حکومت اس

[Qazi Abdul Latif]

کی مدعی ہے مدعا علیہ وہ کہلاتا ہے جس کے خلاف دعویٰ کیا جاتا ہے وہ مدعا علیہ کہلاتا ہے۔ مدعا علیہ کبھی بھی گواہ نہیں بن سکتا لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ موجودہ قانون میں اگر پانچ چھ آدمی گرفتار ہو جاتے ہیں اور ان پر دعویٰ ہے کسی چوری کا کسی ڈکیتی کا وغیرہ وغیرہ۔ پھر اس کے بعد اس کا ثبوت نہیں ملتا تو پانچ چھ میں سے ایک دو کو سرکاری گواہ یا سلطانی گواہ بنایا جاتا ہے اور بقایا کو اسی کی گواہی کی بنیاد پر سزا دی جاتی ہے حالانکہ جو مدعا علیہ ہے وہ گواہ کبھی نہیں بن سکتا اس پر تو الزام ہے۔ اگر وہ تسلیم کرتا ہے تو یہ اقرار کہلائے گا یہ گواہی نہیں ہے تو موجودہ قانون کے لحاظ سے مدعی کی تعریف نہیں ہے۔ مدعا علیہ کی تعریف نہیں ہے شاہد کی تعریف نہیں ہے اور نہ شہادت کا اسکے اندر کوئی معیار ہے کہ شاہد کون بن سکتا ہے اور کس نوعیت کا بن سکتا ہے۔ اسی کی بنیاد یہ ہے کہ آج تمام عدالتوں کے اندر نہ تو صحیح فیصلے ہوتے ہیں اس لئے کہ جو انسانی قانون بنایا ہوا ہے ہیں اس کو صحیح فیصلہ نہیں کہہ سکتا صحیح فیصلہ وہی ہوگا جو قرآن و سنت کے مطابق ہوگا۔ قرآن و سنت کے مطابق ہونے کا مقصد یہی ہے کہ قرآن و سنت کے اندر جو تصریحات ہیں وہ اس میں آجائیں۔

نبی علیہ الصلوٰۃ نے فرمایا کہ بنیہ تو ہے مدعی پر اور یمین اس پر جس نے انکار کیا۔ تو جو منکر ہے وہ ہے مدعا علیہ اس کے لیے علاج یہ ہے کہ اگر وہ انکار کرتا ہے تو اس کو حلف دیا جائے گا اگر اقرار کرتا ہے تو اس کا حق دے دیا جائے اور اگر انکار کرتا ہے تو اس کو حلف دیا جائے گا اس کو یمین دے دیا جائے گا یہ کہہ دینا کہ لوگ جھوٹی قسمیں اٹھاتے ہیں اور اس بنیاد پر لوگوں کے حقوق ضائع ہو جائیں گے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ایک مقدمہ پیش ہوا آپ نے فرمایا کہ دیکھو پہلے میری بات سن لو ہو سکتا ہے کہ آپ میں سے کوئی زیادہ چرب زبان ہو زیادہ تیز ہو اور وہ اپنے دلائل اس طریقے سے پیش کرے کہ میں شاید حقیقت تک نہ پہنچ سکوں اور میں دوسرے کا حق اس کو دلوا دوں تو آپ یقین کیجئے کہ اگرچہ میں نے اسے دلوایا ہے لیکن قیامت کے دن تک یہ اس کا حق اس کے ذمے باقی رہے گا اور وہ اس کو دینا پڑے گا اس کا نتیجہ یہ نکلا تھا کہ مدعی اور مدعا علیہ دونوں نے یہ کہا تھا کہ حضرت ہم اپنے حق سے دستبردار ہیں تو میں گزارش کروں گا کہ موجودہ طریقہ کار بھی غلط ہے اور قانون بھی غلط ہے جب تک قانون قرآن و سنت کے مطابق نہیں بنایا جائے گا۔

آپ حضرات ہمیشہ ہمیں یہ کہا کرتے ہیں۔ کہ وفاقی شرعی عدالت کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ جو قوانین موجود قوانین میں سے قرآن و سنت کے خلاف ہیں ان کو کالعدم قرار دے دیں میں کہتا ہوں کہ یہ بڑا اچھا اقدام ہے اس کی تحقیق ہونی چاہیئے اور وفاقی شرعی عدالت کر رہی ہے لیکن اس میں پھر بھی خامیاں ہیں وہ یہ ہیں۔ کہ اس وقت تک صرف اتنی بات ہے وہ ہمیں یہ تبلا سکتے ہیں کہ یہ قرآن و سنت کے خلاف ہے اسے کالعدم قرار دیا جائے اس کے بعد کیا ہوگا یہ خلا اس میں پیدا ہوگا آپ یہاں پہ وفاقی شرعی عدالت یا سپریم کورٹ کو کم از کم وہ حق دے دیں جو دستور کی دفعہ ۱۸۹ کے تحت آپ نے عدالت عظمیٰ کو دیا ہے جس کے اندر صراحتاً یہ عبارت موجود ہے کہ عدالت عظمیٰ یا عدالت عالیہ قانون کے مطابق فیصلہ کرے گی یا اگر قانون نہیں ہے تو اصول قانون کے تحت وہ فیصلہ کرے گی اور وہی فیصلہ جو اصول قانون کے ماتحت کرے گی تمام عدالتوں کے لئے واجب الاتباع ہوگا اور تمام عدالتیں اس پر عمل کریں گی تو اس کا معنی یہ ہوا جو اصول اس کے لئے رکھا گیا ہے اس اصول کے تحت وہ اس قانون کی نشاندہی کر سکتی ہے لیکن اصول وہی ہوگا اب جبکہ قرارداد مقاصد دستور کا ایک حصہ بن چکا ہے تو چاہیئے کہ آپ ان عدالتوں کو اس کا پابند بنائیں کہ وہ قرآن و سنت کو اصول بنا کر انہی کو دیکھتے ہوئے فیصلہ دیں۔ اگر ان کے پاس وہ چیز اس وقت موجود نہیں ہے، کوئی قانون نیا بنایا موجود نہیں ہے تو اس کے مطابق بطور قانون متقابلہ کے اور جسے آپ قانون عظمت کے نام سے بھی تعبیر کرتے ہیں یہ اختیار اس کو دے دیا جائے کہ اسی کے مطابق وہ فیصلہ دے اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ ہم نے سکو وہ اختیار دے دیا ہے کہ وہ مقننہ بن گئی ہے۔ مقننہ نہیں ہے قانون تو آپ ہی کا بنایا ہوا ہے جو قوانین اس کے سامنے موجود ہیں وہی چلیں گے۔

اسی طریقے سے آپ کے قوانین اسلامی نظریاتی کونسل نے بنائے ہیں اور اس پہ ۱۹۸۰ء-۱۹۸۵ء تک ڈیڑھ کروڑ روپے خرچ ہوئے ہیں۔ اب آپ کے ہاں اتنا ذخیرہ موجود ہے اور اتنے اخراجات اس پہ ہوئے ہیں آپ ان قوانین کو لیکر ان کے حوالے کر دیں گے ان کے اندر ضوابط بھی ہیں اور اصل قوانین بھی ہیں ان ضوابط کو بھی آپ لے لیں اور ان قوانین کو بھی آپ لے لیں آپ اندازہ لگائیے میں آپ پہ بدگمانی نہیں کرتا کہ آپ بری نیت سے یہ پیش کر رہے ہیں لیکن میں کہتا ہوں اس کے اندر یہ فلسفہ ہے ہی نہیں کہ وہ ہمارے مسائل اور مشکلات کو حل کر دے گا۔ مثال کے طور پہ آپ نے

[Qazi Abdul Latif]

منشیات کے انسداد کے لئے بڑی جدوجہد کی ہے ۔ ۱۹ ایجنسیاں اس کے لئے کام کر رہی ہیں اور رپورٹ کے مطابق ۸۰ء سے ۸۵ء تک ۱۳ ارب روپیہ اس پر خرچ ہوا ہے لیکن اس وقت بھی آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم اس کا قلع قمع نہیں کر سکے بلکہ اس کی تعداد بڑھ رہی ہے تو معلوم ہوا کہ یہ طریقہ کار جو ہم رکھے ہیں یہ طریقہ کار ہمارے مسائل کا حل نہیں ہے اور یہ قوانین ہماری مشکلات کو حل نہیں کر سکتے ۔۔۔

جناب شاد محمد خان : پوائنٹ آف آرڈر ، میں قاضی صاحب کی توجہ اور جنرل بل کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ وہ اس سلسلے میں اس کی طرف توجہ مرتکز کریں ۔ مطلب و مقصد اور منشا قانون کا یہ ہے کہ دفعات ۳۰۲ اور ۳۰۷ جو تخریب کاری کے سلسلے میں ہیں تو اس عدالت کو ٹرائیل کا حق دیا جاتا ہے تو یہ جنرل موضوع پر بولنے لگ گئے ہیں تو میرے نقطۂ نظر سے یہ درست نہیں ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی قاضی صاحب ۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہ صحیح ہے کہ شرعی نقطہ نگاہ سے عارضی ٹربیونل قائم کیئے جا سکتے ہیں لیکن میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ اس کے اندر قانون وہی ہوگا اور یہ طریقہ کار اس کے اندر وہی ہوگا میں اسی کے متعلق کہہ رہا ہوں اگر طریقہ کار وہی ہے اور قانون بھی وہی ہے تو ہماری مشکلات کیسے حل ہوں گی اسی کے متعلق میں گزارش کر رہا ہوں میں نے اس لیئے مثال دی ہے کہ منشیات کے لئے ہم نے قواعد تو بنائے ، قانون تو بنائے پانچ سال کے اندر ۱۳ ارب روپیہ اس پر صرف کیا اور اس کے باوجود بھی ہم اس میں کامیاب نہیں ہو سکے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہمارا طریقہ کار غلط ہے اگر آپ اس کو مذہبی رنگ دے دیتے اگر آپ اس کے اندر ثواب و گناہ کا معاملہ رکھ دیتے اور اگر آپ اسکے اندر وہ چیزیں لاتے جو مذہب نے ممنوع قرار دی ہیں اور آپ ان کی اشاعت کرنے بجائے اس کے کہ ۱۹ ایجنسیاں اس پر لگی ہوئی ہیں اور ۱۳ ارب روپیہ پانچ سالوں میں اس پر خرچ ہوا ہے اگر آپ اس کو یہ رنگ دے دیتے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے ۔ اس سے اللہ تعالیٰ کا قہر و عذاب آئے گا تو یقین کیجیئے کہ اس کا انسداد اس سے بہت زیادہ ہو سکتا تھا اسی کے متعلق میں کہہ رہا ہوں آج ہم دھماکے وغیرہ اور بدامنی کو ختم کرنے کے لیے یہ کہہ رہے ہیں کہ عارضی عدالتیں یا ٹربیونل وغیرہ قائم کر دیں ، ان کو ہم اختیارات دے دیں ۔ اختیارات کا بل جب یہاں آئے گا تو ہم اس پر بات کریں گے لیکن اس وقت صرف ان کے قیام

کا مسئلہ ہے اور ان کا طریقہ کار بھی وہی ہے ضابطہ بھی وہی ہیں قانون بھی وہی ہے تو پھر ٹریبونل قائم کرنے سے ہماری مشکلات کیسے حل ہوں گی۔ میری گزارش یہ ہوگی کہ اگر آپ نے تبدیل کرنا ہے۔

بدلنا ہے اگر تجھ کو بدل جیسے عمرؓ بدلا
نہ جیسے ابوجہل بدلا اگر بدلا تو کیا بدلا

اگر تبدیلی لانی ہے تو وہ تبدیلی لائی جائے کہ واقعتاً ہماری مشکلات کا جو حل ہو اور اگر تبدیلی نہیں لانی تو پرانا طریقہ کار چل رہا ہے اس لئے میری گزارش یہ ہوگی کہ آپ نے اگر یہ عدالتیں قائم کرنا ہیں تو اس کے طریقے کار اور قانون کو تبدیل کرو۔ تب ہماری یہ ساری مشکلات حل ہوں گی اور بدامنی اور دھماکوں پر قابو پایا جاسکے گا ورنہ اس کے سوا کچھ نہیں ہو سکے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! جناب طارق چوہدری صاحب/ تشریف نہیں رکھتے جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: کل تقریر کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں آپ بیٹھے ہوئے ہیں اپنے خیالات کا اظہار فرما دیجئے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں نے ابھی تیاری نہیں کی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے، جناب شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا! میں یہی عرض کروں گا کہ اس میں لمبی چوڑی تقریر کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس میں نکتہ یہی ہے کہ صرف اس سلسلے میں ترمیم کی جارہی ہے کہ جہاں تخریب کاری۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری تمام معزز اراکین سے یہ درخواست ہوگی کہ قاعدہ نمبر ۱۰۵ کے تحت بل کے اصولوں اور عام دفعات پر بحث فرمائیں۔

جناب شاد محمد خان: مختصراً اسی طرح ہو سکتا ہے۔ اسی لئے میں نے قاضی صاحب کی تقریر میں معذرت کے ساتھ مداخلت کی تھی کیونکہ وہ موضوع سے باہر چلے گئے تھے جس کی وجہ سے وقت بھی زیادہ لیا گیا میں جناب یہی کہوں گا کہ اس بل کا منشا ہی یہی ہے کہ دفعہ ۳۰۷ اور ۳۰۲ کا اگر اطلاق ہو تخریب کاری کے سلسلے میں تو اس کا خصوصی کورٹ ٹرائل کرے، یہ دفعہ نہایت احسن ہے، کیونکہ یہ سپیڈی ٹرائل

[Mr. Shad Muhammad Khan]

کے لئے نہایت ضروری ہے۔ اس کے تحت عدالتوں کو اختیار دیا جائے۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں، اس کو من وعن پاس کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب محسن صدیقی صاحب، نہیں ہیں، نواب زادہ جہانگیر خان جوگیزئی صاحب۔

نواب زادہ جہانگیر شاہ: اعوذ باللہ من شیطٰن الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب چیئرمین! یہ ایک معصوم سی امنڈمنٹ ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ اگر ایک تخریب کار جرم کرتا ہے اور اس جرم کے دوران قتل عمد یا اقدام قتل ہو جاتا تو یہ پہلے دو عدالتوں میں ٹرائل ہوتا تھا۔ اب محرک کا مقصد یہ تھا کہ تمام وہ جرائم جو Triable by the Session Courts ہیں وہ بھی وہی کورٹ سماعت کرے۔ لیکن سوال یہ نہیں ہے۔ یہ سوال آگے چلتا ہے کہ وجہ کیا ہے؟ اس ملک میں شکوک وشبہات اتنے بڑھ گئے کہ جب کوئی گورنمنٹ بات کرتی ہے تو اپوزیشن اسے ایسے سمجھتی ہے کہ جیسے یہ غلط ہو۔ جب اپوزیشن کوئی بات کرتی ہے تو حکومت اسے تسلیم نہیں کرتی۔ ہمیں یہ چاہیئے کہ جو بھی مسئلہ ملک کے سامنے آئے اسے حل کرنے کے لئے ہم سب کا فرض ہو کہ اسے من وعن، خلوص اور عقل وفہم سے حل کرنے کی کوشش کریں نہ کہ اس میں خواہ مخواہ کوئی کجی نکالیں، غلط بیانی سے کام لیں یا الزام تراشی سے کام لیں۔ آپ کو خود پتہ ہے کہ یہ جو طریقہ ہے یہ غلط ہے اس میں انصاف نہیں ہے جب کہ شرعی قانون نافذ نہ ہو لیکن جب یہ قانون نافذ نہیں ہے تو موجودہ جو نظام ہے اسمیں یہ ضروری ہے کہ قانون نافذ ہو تاکہ عدالتوں میں لوگوں کو زیادہ تکلیف نہ ہو اور ایسے مقدمات کا جلد فیصلہ ہو جائے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اس کی یہاں تک تائید کرتا ہوں لیکن شریعت کا مسئلہ شریعت کا مسئلہ ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب چیئرمین! اگر اجازت ہو تو عرض کروں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، ارشاد فرمایئے، میں نے تو آپ سے بڑی humble request کی تھی۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا! یہ تمام قوانین جو بنائے گئے ہیں یہ انسانی قوانین ہیں، کسی کا تحفظ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ اللہ کے دیئے ہوئے نظام کے مطابق اس

قانون کو نہ بنائیں۔ اصل بات یہ ہے کہ اس ملک کے ہر صوبے اور ہر ضلع الگ الگ اور نئے نئے قوانین ہیں۔ مثال کے طور پہ میں عرض کروں گا کہ مالاکنڈ ڈویژن میں ایک الگ قانون ہے۔ ایک کالا قانون ہے، اور اس کو کہتے ہیں "فاٹا ریگولیشن"، میں قانون کی بات کر رہا ہوں کہ ایک صوبے میں آپ کا قانون اور ہے اور دوسرے صوبے میں اور ہے۔ یہ قانون آپس میں مطابقت نہیں رکھتے۔ اس لئے مرکزی قانون، جو کہ خدا کا دیا ہوا نظام ہے، وہ ہمارے پاس موجود ہے، تو سب سے زیادہ اہمیت اس قانون کی ہے کہ اس ملک میں خدائی قانون کے نظام کا نفاذ ہو۔ تب ہی یہ پورا معاشرہ، صحیح معاشرہ بن سکتا ہے اور پھر جرائم کی کمی اس کے تحت ہو سکتی ہے۔
جہاں تک اس بل کا متعلق ہے، حقیقتاً یہ ٹھیک ہے لیکن ہم اس کو اس انداز میں تسلیم نہیں کر سکتے کہ جس انداز میں حکومت وقت چاہتی ہے کہ اسے پاس کیا جائے اگر یہ تمام قوانین قرآن و سنت کے مطابق ہوں تو تب ہی یہ بل پائیدار اور مستحکم بن سکتا ہے۔ جناب والا! جو قوانین بنائے گئے ہیں، یہ انسانی قوانین ہیں، اور اس طرح آپ دیکھیں کہ بعض کیسوں میں صلح و راضی نامے ہو جاتے ہیں لیکن مجرم جیلوں میں پڑے رہتے ہیں۔ خدا اور رسول کا حکم ہے کہ جب تم آپس میں راضی ہو تو پھر عدل سے انصاف کیا کرو۔ دفعات ۳۰۲ اور ۳۰۷ کے کئی کیس ایسے ہوتے ہیں جو راضی نامے ہونے کے باوجود بھی کئی سالوں تک چلتے ہیں۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ ان باتوں کو بھی پیش نظر رکھا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ محسن صدیقی صاحب تشریف نہیں رکھتے، اس بل پہ اظہار خیال کے لئے، معزز اراکین نے اپنے نام دیئے تھے جن میں کچھ حاضر نہیں تھے۔ جو حاضر ہوئے وہ معزز اراکین بول چکے ہیں۔ اس لئے وسیم سجاد اب آپ کچھ ارشاد فرمانا چاہیں تو ارشاد فرمائیں۔ آپ کی اختتامی تقریر ہے۔

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, I will be very brief. As I said earlier the purpose of this Bill is that offence under section 302 or 307 committed in the course of those offences which are scheduled, should be tried by the same court. At the moment, the position was that if a person committed murder during the course of terrorist activities then he had to be tried by a separate court which resulted in delay and duplication of proceedings. So, this is just to shorten the proceedings and give speedy justice to the people.

[Mr. Wasim Sajjad]

Thank you.

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you. The motion moved is:

> "That the Bill further to amend the Suppression of Terrorist Activities (Special Courts) Act, 1975 [The Suppression of Terrorist Activities (Special Courts) (Amendment) Bill, 1987], as passed by the National Assembly be taken into consideration."

*(The motion was carried).*

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! کورم نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس کا فیصلہ تو "ہاں والوں" کے حق میں ہو گیا ہے، اب کورم کا مسئلہ سامنے ہے آپ پوائنٹ آؤٹ کر لیں۔

ایک معزز رکن : کورم پوائنٹ آؤٹ کرنے کا کیا فائدہ ؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : تو پھر قانون میں ترمیم کریں کہ ایسے کورم پوائنٹ آؤٹ نہیں ہو سکتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : کورم کا مسئلہ آپ نے اٹھایا ہے، ٹھیک ہے اسے دیکھ لیتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد : نہیں جناب ! جو انہوں نے کورم کا مسئلہ اٹھایا تھا وہ withdraw ہو گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : عبدالرحیم میرداد خیل صاحب، آپ نے کر لیا ہے۔

ایک معزز رکن : انہوں نے تو یہ مسئلہ اٹھایا ہی نہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : کیا قاضی صاحب نے اٹھایا ہے۔

جناب وسیم سجاد : جناب ! یہ مسئلہ withdraw ہو گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : قاضی صاحب نے یہ مسئلہ اٹھایا ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جو سرکار کا مزاج ہو، ٹھیک ہے۔

قاضی عبداللطیف : وہ تو ایک دفعہ پوائنٹ آؤٹ ہو چکا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اگر پوائنٹ آؤٹ ہو چکا ہے تو پھر ٹھیک ہے اگر آپ withdraw نہیں کرتے۔

جناب وسیم سجاد : نہیں جناب withdraw ہو گیا ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اگر قاضی صاحب کہہ دیں withdraw کر لیا ہے تو پھر ٹھیک ہے ۔

قاضی عبداللطیف : چلیں جی ، میں وزیر صاحب کا احترام کرتا ہوں ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : ہم جناب بالکل تعاون کے لئے تیار ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جی کلاز ۲ ۔ اس پر جاوید جبار صاحب کی ایک امنڈمنٹ تھی ، وہ موجود نہیں ہیں ۔ اس لئے وہ ڈراپ ہو گئی ۔

**Mr. Deputy Chairman:** Therefore I put the question. The question is:

"That Clause 2 form part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman:** Clause 2 stands part of the Bill.

Now Clause 3, the question is:

"That Clause 3 form part of the Bill."

*(The motion was carried).*

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ! قومی اسمبلی کے ممبران کیا ہاں کہہ سکتے ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ تو ہاؤس کی مرضی ہے ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : ہاؤس کی کیسے مرضی ہے یہ کیا بات ہے ۔ یہ کس قاعدے اور رولز کے تحت آپ بات کر رہے ہیں ۔ قومی اسمبلی کے ممبران سینیٹ میں ہاں یا نہیں کا جواب نہیں دے سکتے ہیں ۔ میں رولز بتا سکتا ہوں ۔ اب وقت نے ثابت کر دیا کہ میں رولز کے خلاف بات کرتا ہوں یا آپ کرتے ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : تشریف رکھیں مولانا آپ ۔ جی قاضی عبداللطیف صاحب ۔

قاضی عبداللطیف : میرے خیال میں حاجی صاحب کے قاعدے کیلیے کے مطابق ایوان سب کچھ کر سکتا ہے تو ......

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی قاضی صاحب ایسی کوئی بات نہیں میں نے یہ معزز اراکین سینیٹ کے بارے میں کہا تھا ۔ تشریف رکھیئے آپ ۔

Clause 3 stands part of the Bill.

Now, the question is:

> "That Short title, the preamble and clause 1 form part of the Bill."

*(The motion was adopted).*

**Mr. Wasim Sajjad:** With your permission Sir, I move:

> "That the Bill further to amend the Supression of Terrorist Activities (Special Courts) Act, 1975. [The Supression of Terrorist Activities (Special Courts) (Amendment) Bill, 1987], be passed."

**Mr. Deputy Chairman:** The motion moved is:

> "That the Bill further to amend the Supression of Terrorist Activities (Special Courts) Act, 1975. [The Supression of Terrorist Activities (Special Courts) (Amendment) Bill, 1987], be passed."

*(The motion was adopted).*

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر جناب والا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی قاضی صاحب ۔

قاضی عبداللطیف : آپ نے فرمایا کہ فیصلہ ہاں والوں کے حق میں ہوا ، "نہ" کس نے کہا ہے ؟ لہذا آپ کو یہ فرمانا چاہیئے تھا کہ متفقہ طور پر پاس ہو گیا ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلو جی متفقہ طور پر پاس کر دیا گیا ہے یہ اور بھی خوش آئندہ بات ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! دنیاوی کام تو ہم نے کر لیئے۔ قرآن مجید کے بارے میں بل ہے میں سمجھتا ہوں باعث برکت ہوگا اگر اس کو بھی پاس کرنے جائیں یہ تو بالکل غیر متنازعہ بل ہے جی۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا کورم نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کورم پوائنٹ آؤٹ کر دیا گیا ہے آپ خود فیصلہ کر لیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: اب اگر دنیاوی بل تھا تو کورم کی رعایت تھی قرآن پاک کی اغلاط کا بل ہے تو کورم یاد ہے۔ آپ خود فیصلہ کریں میں کچھ نہیں کہتا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: ہم قرآن کے لیئے دل و جان سے حاضر ہیں یہ جتنے بھی پیش کریں۔ یہ شریعت بل پیش کریں ہم بالکل پاس کرنے کے لیئے تیار ہیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: کیا وہ قرآن شریف سے باہر ہے؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: آپ لائیں۔ آپ قرآن کی ایک جزو سے انکار کر رہے ہیں اور دوسری کو تسلیم کرتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد: کورم کے بارے میں اُنہوں نے ٹھیک فرمایا ہے جی۔ میں صرف ایک درخواست کروں گا کہ کل چونکہ ہم نے سیشن کرنا ہے تو کل جیسے آپ کو پتہ ہے کہ شیڈول میں نہیں تھا تو لہذا کل وقفہ سوالات نہیں ہوگا اور پریولیج موشنز اور ایڈجرنمنٹ موشنز بھی نہیں ہوں گے تو اس کے بارے میں اگر آپ اسی وقت بتا دیں ان حضرات کو جو فیصلہ کرنا ہے بتا دیں چونکہ کل جناب نے ۵ بجے سیشن رکھا ہے گویا یہ قانون سازی کے سلسلے میں ہے تو اس کے لیئے جو آپ نے قاعدہ سسپنڈ کروانا ہے کروا لیں تاکہ کل کام شروع ہو سکے۔ تو میں جناب کی اجازت سے move کرتا ہوں ........

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر۔ جو قانون ان کے اپنے ہی مقصد کے لحاظ سے ہے اس کو وہ نو گھنٹوں میں پاس کرتے ہیں۔ لیکن شریعت بل کے ساتھ جو اُنہوں نے سلوک کیا ہے

وہ کتنا افسوسناک ہے ، اور ہمیشہ کے لئے کہتے رہے کہ ذرا اسے مؤخر کر دو ، مؤخر کر دو
اور آج تک وہ لٹکا ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ جی وسیم صاحب۔

## MOTION UNDER RULE 229

**Mr. Wasim Sajjad:** I move under Rule 229!

That the Question Hour and the privilege motions and adjournment motions requirement under the Rules be suspended for tomorrow *i.e.* the 14th of October 1987

**Mr. Deputy Chairman:** The motion moved is:

That the Question Hour and the privilege motions and adjournment motions requirement under the Rules be suspended for tomorrow *i.e.* the 14th October 1987.

(THE MOTION WAS CARRIED)

شکریہ! اجلاس ۱۴ اکتوبر ۸۷ء بروز بدھ شام ۵ بجے تک ملتوی کیا
جاتا ہے۔

---

[The House adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Wednesday, October 14, 1987].

---

PCPPI—131 (88) Senate—25-5-91—300.